دلائل البرکات
فی
التحیات والصلوٰت

بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں

اڑھائی ہزار درود وسلام کا ہدیۂ عقیدت ومحبت

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

دلائل البرکات
فی
التحیات والصلوٰت

بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں
اَڑھائی ہزار درود وسلام کا ہدیۂ عقیدت ومحبت

دلائل البرکات
فی
التحیات والصلوٰت

بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں
اَڑھائی ہزار درود وسلام کا ہدیۂ عقیدت ومحبت

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

اُردو ترجمہ
ڈاکٹر ظہور اللہ الازہری

منہاج القرآن پبلیکیشنز
365-ایم، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 35168514، 042-111-140-140
یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور، فون: 042-37237695
www.Minhaj.org - sales@Minhaj.org

جملہ حقوق بحقِ تحریکِ منہاجُ القرآن محفوظ ہیں

نام کتاب	:	دَلَائِلُ الْبَرَکَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ

﴿بارگاہِ رِسالت مآب ﷺ میں اَڑھائی ہزار درود وسلام کا ہدیۂ عقیدت ومحبت﴾

تالیف	:	شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری
اُردو ترجمہ	:	ڈاکٹر ظہور اللہ الازہری
نظرِ ثانی	:	پروفیسر محمد نصر اللہ معینی، فیض اللہ بغدادی
پروف ریڈنگ	:	سید حیدر علی بخاری
زیرِ اہتمام	:	فریدِ ملّتؒ رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ Research.com.pk
مطبع	:	منہاجُ القرآن پرنٹرز، لاہور
اِشاعتِ اَوّل	:	نومبر 2004ء (1,100)
اِشاعتِ دُوُم	:	اگست 2005ء (1,100)
اِشاعتِ سوم	:	اگست 2009ء (1,100)
اِشاعت چہارُم	:	نومبر 2009ء (1,100)
اِشاعت پنجم	:	اگست 2011ء
تعداد	:	1,200

ISBN 978-969-32-0832-0

نوٹ: شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تمام تصانیف اور ریکارڈ شدہ خطبات ولیکچرز کی کیسٹس اور CDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لیے **تحریکِ منہاجُ القرآن** کے لیے وقف ہے۔

(ڈائریکٹر منہاجُ القرآن پبلی کیشنز)

fmri@research.com.pk

جملہ حقوق بحقِ تحریکِ منہاجُ القرآن محفوظ ہیں

نام کتاب	:	دَلَائِلُ الْبَرَکَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ

﴿بارگاہِ رِسالت مآب ﷺ میں اَڑھائی ہزار درود وسلام کا ہدیۂ عقیدت ومحبت﴾

تالیف	:	شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری
اُردو ترجمہ	:	ڈاکٹر ظہور اللہ الازہری
نظرِ ثانی	:	پروفیسر محمد نصر اللہ معینی، فیض اللہ بغدادی
پروف ریڈنگ	:	سید حیدر علی بخاری
زیرِ اہتمام	:	فریدِ ملّتؒ رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ Research.com.pk
مطبع	:	منہاجُ القرآن پرنٹرز، لاہور
اِشاعتِ اَوّل	:	نومبر 2004ء (1,100)
اِشاعتِ دُوُم	:	اگست 2005ء (1,100)
اِشاعتِ سوم	:	اگست 2009ء (1,100)
اِشاعت چہارُم	:	نومبر 2009ء (1,100)
اِشاعت پنجم	:	اگست 2011ء
تعداد	:	1,200
قیمت اِمپورٹڈ کاغذ	:	-/750 روپے

ISBN 978-969-32-0832-0

نوٹ: شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تمام تصانیف اور ریکارڈ شدہ خطبات ولیکچرز کی کیسٹس اور CDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لیے **تحریکِ منہاجُ القرآن** کے لیے وقف ہے۔

(ڈائریکٹر منہاجُ القرآن پبلی کیشنز)

fmri@research.com.pk

بسم الله الرحمن الرحيم

مَوْلَايَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا أَبَدًا
عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

مُحَمَّدٌ سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ وَالثَّقَلَيْنِ
وَالْفَرِيْقَيْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

﴿صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ﴾

فہرس

مشتملات	صفحہ
۞ مُقَدِّمَة	۷
فضائلِ درود وسلام (اَحادیثِ نبوی ﷺ کی روشنی میں)	١٤
مختلف صیغوں سے صلوٰۃ وسلام پڑھنے کا اِثبات	٢٣
اَفضل ترین درود شریف	٣٢
مختلف صیغہ ہاے درور پر اِجماعِ اُمت	٣٦
درود وسلام پر مستقلاً لکھی جانے والی کتب	٣٨
دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ	
۞ 'دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ' پڑھنے کا طریقہ	٥٣
اَلْحِزْبُ الْأَوَّلُ لِلْيَوْمِ الْأَوَّلِ (عشرے کا پہلا حزب)	
﴿صَلَوَاتُ الْأَسْمَاءِ الْإِلٰهِيَّةِ وَالْفَضَائِلِ النَّبَوِيَّةِ﴾	٦١
﴿درود ہاے اَسماے اِلٰہیہ وفضائلِ نبوی ﷺ﴾	
۞ اَلْمَنْزِلُ الْأَوَّلُ (پہلی منزل)	٦٣
۞ اَلْمَنْزِلُ الثَّانِي (دوسری منزل)	٧٧

مشتملات	صفحہ
۞ اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ (تیسری منزل)	٩٠
۞ اَلْمَنْزِلُ الرَّابِعُ (چوتھی منزل)	١٠١
اَلْحِزْبُ الثَّانِي لِلْيَوْمِ الثَّانِي (عشرے کا دوسرا حزب)	
﴿صَلَوَاتُ الشَّمَائِلِ﴾	١١٣
﴿درود ہاے شمائل﴾	
۞ اَلْمَنْزِلُ الْخَامِسُ (پانچویں منزل)	١١٥
۞ اَلْمَنْزِلُ السَّادِسُ (چھٹی منزل)	١٣٠
۞ اَلْمَنْزِلُ السَّابِعُ (ساتویں منزل)	١٤٥
۞ اَلْمَنْزِلُ الثَّامِنُ (آٹھویں منزل)	١٦٠
اَلْحِزْبُ الثَّالِثُ لِلْيَوْمِ الثَّالِثِ (عشرے کا تیسرا حزب)	
﴿صَلَوَاتُ الْمِيْلَادِ﴾	١٧٥
﴿درود ہاے میلاد﴾	
۞ اَلْمَنْزِلُ التَّاسِعُ (نویں منزل)	١٧٧
۞ اَلْمَنْزِلُ الْعَاشِرُ (دسویں منزل)	١٩٢
۞ اَلْمَنْزِلُ الْحَادِي عَشَرَ (گیارھویں منزل)	٢٠٧
۞ اَلْمَنْزِلُ الثَّانِي عَشَرَ (بارھویں منزل)	٢٢٠

مشتملات	صفحہ
اَلْحِزْبُ الرَّابِعُ لِلْيَوْمِ الرَّابِعِ (عشرے کا چوتھا حزب)	
﴿صَلَوَاتُ الْإِسْرَاءِ وَالْمِعْرَاجِ﴾	۲۳۳
﴿درود ہاے اِسراء ومعراج﴾	
اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ عَشَرَ (تیرھویں منزل)	۲۳۵
اَلْمَنْزِلُ الرَّابِعُ عَشَرَ (چودھویں منزل)	۲٤۸
اَلْمَنْزِلُ الْخَامِسُ عَشَرَ (پندرھویں منزل)	۲٦۱
اَلْمَنْزِلُ السَّادِسُ عَشَرَ (سولہویں منزل)	۲۷٦
اَلْحِزْبُ الْخَامِسُ لِلْيَوْمِ الْخَامِسِ (عشرے کا پانچواں حزب)	
﴿صَلَوَاتُ الْأَعْدَادِ﴾	۲۸۹
﴿درود ہاے اَعداد﴾	
اَلْمَنْزِلُ السَّابِعُ عَشَرَ (سترھویں منزل)	۲۹۱
اَلْمَنْزِلُ الثَّامِنُ عَشَرَ (اٹھارھویں منزل)	۳۰۵
اَلْمَنْزِلُ التَّاسِعُ عَشَرَ (انیسویں منزل)	۳۱۹
اَلْمَنْزِلُ الْعِشْرُوْنَ (بیسویں منزل)	۳۳۳

مشتملات	صفحہ
اَلْحِزْبُ السَّادِسُ لِلْيَوْمِ السَّادِسِ (عشرے کا چھٹا حزب)	
﴿صَلَوَاتُ الْأَكْوَانِ﴾	٣٤٧
﴿درود ہاے کون و مکاں﴾	
۞ اَلْمَنْزِلُ الْحَادِي وَالْعِشْرُوْنَ (اکیسویں منزل)	٣٤٩
۞ اَلْمَنْزِلُ الثَّانِي وَالْعِشْرُوْنَ (بائیسویں منزل)	٣٦٣
۞ اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ وَالْعِشْرُوْنَ (تیئسویں منزل)	٣٧٧
۞ اَلْمَنْزِلُ الرَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ (چوبیسویں منزل)	٣٩٠
اَلْحِزْبُ السَّابِعُ لِلْيَوْمِ السَّابِعِ (عشرے کا ساتواں حزب)	
﴿صَلَوَاتُ السِّيَادَةِ﴾	٤٠٥
﴿درود ہاے سیادت﴾	
۞ اَلْمَنْزِلُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ (پچیسویں منزل)	٤٠٧
۞ اَلْمَنْزِلُ السَّادِسُ وَالْعِشْرُوْنَ (چھبیسویں منزل)	٤٨١
۞ اَلْمَنْزِلُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ (ستائیسویں منزل)	٤٣٠
۞ اَلْمَنْزِلُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ (اٹھائیسویں منزل)	٤٤٢

مشتملات	صفحہ
اَلْحِزْبُ الثَّامِنُ لِلْيَوْمِ الثَّامِنِ (عشرے کا آٹھواں حزب)	
﴿صَلَوَاتُ الثَّنَاءِ﴾	٤٥٣
﴿درود ہاے ثناء﴾	
اَلْمَنْزِلُ التَّاسِعُ وَالْعِشْرُوْنَ (انتیسویں منزل)	٤٥٥
اَلْمَنْزِلُ الثَّلَاثُونَ (تیسویں منزل)	٤٩٦
اَلْمَنْزِلُ الْحَادِي وَالثَّلَاثُونَ (اکتیسویں منزل)	٤٨٤
اَلْمَنْزِلُ الثَّانِي وَالثَّلَاثُونَ (بتیسویں منزل)	٤٩٩
اَلْحِزْبُ التَّاسِعُ لِلْيَوْمِ التَّاسِعِ (عشرے کا نواں حزب)	
﴿صَلَوَاتُ الْخَيْرَاتِ﴾	٥١٥
﴿درود ہاے خیرات﴾	
اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ وَالثَّلَاثُونَ (تینتیسویں منزل)	٥١٧
اَلْمَنْزِلُ الرَّابِعُ وَالثَّلَاثُونَ (چونتیسویں منزل)	٥٣٠
اَلْمَنْزِلُ الْخَامِسُ وَالثَّلَاثُونَ (پینتیسویں منزل)	٥٤٤
اَلْمَنْزِلُ السَّادِسُ وَالثَّلَاثُونَ (چھتیسویں منزل)	٥٥٨

مشتملات	صفحہ
اَلْحِزْبُ الْعَاشِرُ لِلْيَوْمِ الْعَاشِرِ (عشرے کا دسواں حزب)	
﴿جَامِعُ الصَّلَوَاتِ﴾	٥٧١
﴿جامعِ درود﴾	
۞ اَلْمَنْزِلُ السَّابِعُ وَالثَّلَاثُونَ (سینتیسویں منزل)	٥٧٣
۞ اَلْمَنْزِلُ الثَّامِنُ وَالثَّلَاثُونَ (اڑتیسویں منزل)	٥٨٧
۞ اَلْمَنْزِلُ التَّاسِعُ وَالثَّلَاثُونَ (انتالیسویں منزل)	٦٠٠
۞ اَلْمَنْزِلُ الْأَرْبَعُونَ (چالیسویں منزل)	٦١٥
﴿اَلسَّلَام﴾	٦٣١
﴿ہدیۂ سلام﴾	
۞ مصادِر التخريج	٦٥١

مُقَدِّمَة

درود و سلام ایک منفرد وظیفہ، بے مثل عبادت، عظیم الشان دعا اور قطعی القبول عمل ہے۔ یہ قربِ خداوندی اور قربِ نبوی ﷺ کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے۔ اِرشادِ باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○(۱)

’’بے شک اللہ اور اس کے (سب) فرشتے نبیِ (مکرّم ﷺ) پر درود بھیجتے رہتے ہیں، اے ایمان والو! تم (بھی) اُن پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو○‘‘

اللہ تعالیٰ نے درود سلام کی ابتداء خود کی اور پھر ملائکہ کو بھی اس بے مثال کام میں شامل فرما لیا۔ حضور نبی اکرم ﷺ پر اللہ تعالیٰ اور اس کے ملائکہ کا درود بھیجنا آپ ﷺ کے خصائص میں سے ہے۔ آپ ﷺ کا یہ شرف دائمی و ابدی ہے اور کسی ایک زمانے کے ساتھ مخصوص نہیں کیونکہ یہ سنتِ الٰہیہ ہے، اور سنتِ الٰہیہ میں دوام ہوتا ہے۔ اگرچہ اَحکامِ اِلٰہیہ میں تبدیلی آتی رہتی ہے مگر سنتِ اِلٰہیہ تبدیل نہیں ہوتی۔ قرآن حکیم نے اِس حقیقت کو یوں بیان کیا ہے:

فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ج وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ○(۲)

’’سو آپ اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے اور نہ ہی اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی پھرنا پائیں گے○‘‘

درود و سلام کے عمل کا سنتِ الٰہیہ ہونا جہاں شانِ مصطفوی ﷺ کے بے مثل ہونے کا مظہر ہے

---

(۱) الأحزاب، ۳۳: ۵۶ (۲) فاطر، ۳۵: ۴۳

وہاں اس عملِ خاص کی ایسی فضیلت وانفرادیت کا ثبوت بھی ہے جو تغیر زمان ومکان سے ماوراء ٹھہرائی گئی۔ لہٰذا ہر زمان و مکاں کے مومنوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ کسی تردّد کے بغیر اس سنتِ الٰہیہ کی پیروی کریں جو ازل سے جاری ہے اور تا ابد جاری رہے گی۔

درود وسلام پر مزید گفتگو سے پیشتر یہ ضروری ہے کہ لفظ صلاۃ کے معنی جان لیے جائیں۔ لفظ صلاۃ کے کئی معانی ہیں جن میں دعا، اِستغفار، رحمت، برکت، اِشاعتِ ذکر جمیل اور نماز زیادہ معروف ہیں۔ لیکن حضور نبی اکرم ﷺ پر صلاۃ کے حوالے سے جب اس لفظ کا ذکر آئے تو اگر اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے ہو تو اس کا معنی ''نزولِ رحمت'' ہوتا ہے، فرشتوں سے ہو تو ''دعا'' اور اگر اس کا تعلق بندوں سے ہو تو اس کا معنی ''طلبِ رحمت'' ہوتا ہے۔[1]

صلوٰۃ وسلام ایک ایسا محبوب ومقبول عمل ہے جس کی قبولیت ہر شک و شبہ سے بالاتر ہے۔ حتیٰ کہ اگر کوئی فاسق و فاجر، گناہ گار اور معصیت شعار انسان بھی بارگاہِ ربّ العزت میں عرض گزار ہوتا ہے کہ اے بارِ اِلٰہ! اپنے حبیب پر صلوٰۃ بھیج۔ تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے بندے! میں پہلے ہی صلوٰۃ بھیج رہا ہوں، یہ میری سنت ہے۔ لیکن چونکہ تو نے اپنے لیے کچھ نہیں مانگا، اپنی کسی غرض کو بیچ میں نہیں ڈالا بلکہ صرف میرے حبیب ﷺ پر درود بھیجنے کی بات کی ہے، اس لیے تیری دعا قبول ہے۔ چونکہ دعا سے پہلے ہی اس پر عمل ہو رہا ہوتا ہے، اس لیے درود پڑھنے والا خواہ کتنا ہی گناہ گار کیوں نہ ہو اُس کی دُعا قبول کر لی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ درودِ پاک قطعی القبول ہے اور اس کے مردود و نامنظور ہونے کا رتی بھر بھی امکان نہیں۔

فضائلِ درود وسلام (اَحادیثِ نبوی ﷺ کی روشنی میں)

درود پاک کے فضائل کے حوالے سے خود نبی اکرم ﷺ سے بہت سے اِرشادات مروی ہیں جن سے اس عظیم الشان عمل کی اہمیت وفضیلت واضح ہوتی ہے۔ ذیل میں چند ایک احادیث مبارکہ درج کی جا رہی ہیں:

---

(١) ابن منظور افریقی، لسان العرب، ١٤: ٤٦٥

۱۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً، صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرًا. (۱)

''جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔''

امام ترمذی نے یہ روایت ان الفاظ کے اضافے کے ساتھ بیان کی ہے:

وَكَتَبَ لَهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ. (۲)

''اور اس (درود پڑھنے) کے بدلے میں اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس نیکیاں بھی لکھ دیتا ہے۔''

۲۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً وَاحِدَةً، صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ، وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِيْئَاتٍ، وَرُفِعَتْ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ. (۳)

---

(۱) ۱۔ مسلم، الصحيح، كتاب: الصلاة، باب: الصلاة على النبى صلى الله عليه وآله وسلم بهذا التشهد، ۱:۳۰۶، رقم: ۴۰۸

۲۔ نسائی، السنن، كتاب السهو، باب الفضل فى الصلاة على النبى صلى الله عليه وآله وسلم، ۳: ۵۰، رقم: ۱۲۹۶

(۲) ترمذی، السنن، أبواب الوتر، باب: ماجاء فى فضل الصلاة على النبى صلى الله عليه وآله وسلم، ۲: ۳۵۳، ۳۵۴، رقم: ۴۸۴-۴۸۵

(۳) ۱۔ نسائی، السنن، كتاب السهو، باب الفضل فى الصلاة على النبى صلى الله عليه وآله وسلم، ۴: ۵۰، رقم: ۱۲۹۷

۲۔ بخاری، الأدب المفرد، ۱: ۲۲۴، رقم: ۶۴۳

۳۔ أحمد بن حنبل، المسند، ۳: ۱۰۲، رقم: ۱۲۰۱۷

۴۔ ابن أبى شيبة، المصنف، ۲: ۲۵۳، رقم: ۸۷۰۳

۵۔ بيهقى، شعب الإيمان، ۲: ۲۱۰، رقم: ۱۵۵۴

۶۔ حاكم، المستدرك، ۱: ۷۳۵، رقم: ۲۰۱۸

’’جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے، اس کے دس گناہ معاف کیے جاتے ہیں اور اس کے دس درجات بلند کیے جاتے ہیں۔‘‘

۳۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

أَوْلَى النَّاسِ بِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلَاةً.(۱)

’’قیامت کے روز لوگوں میں سے میرے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو (دنیا میں) ان میں سے سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجتا ہوگا۔‘‘

۴۔ حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً سَيَّاحِيْنَ فِي الْأَرْضِ يُبَلِّغُوْنِي مِنْ أُمَّتِي السَّلَامَ(۲)

---

(۱) ۱۔ ترمذی، السنن، أبواب الوتر، باب: ماجاء فی فضل الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ۲: ۳۵٤، رقم: ٤٨٤

۲۔ ابن حبان، الصحیح، ۳: ۱۹۲، رقم: ۹۱۱

۳۔ بیهقی، السنن الکبری، ۳: ۲٤۹، رقم: ۵۷۹۱

٤۔ بیهقی، شعب الإیمان، ۲: ۲۱۲، رقم: ۱۵٦۳

۵۔ أبو یعلی، المسند، ۸: ٤۲۷، رقم: ۵۰۱۱

٦۔ دیلمی، مسند الفردوس، ۱: ۸۱، رقم: ۲۵۰

(۲) ۱۔ نسائی، السنن، کتاب السهو، باب السلام علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ۳: ٤۳، رقم: ۱۲۸۲

۲۔ نسائی، السنن الکبری، ۱: ۳۸۰، رقم: ۱۲۰۵

۳۔ نسائی، عمل الیوم واللیلة، ۱: ٦۷، رقم: ٦٦

٤۔ دارمی، السنن، ۲: ٤۰۹، رقم: ۲۷۷٤

۵۔ ابن حبان، الصحیح، ۳: ۱۹۵، رقم: ۹۱٤

٦۔ عبد الرزاق، المصنف، ۲: ۲۱۵، رقم: ۳۱۱٦

۷۔ ابن أبي شیبة، المصنف، ۲: ۲۵۳، رقم: ۸۷۰۵، ۳۱۷۲۱

۸۔ بزار، المسند، ۵: ۳۰۷، رقم: ٤۲۱۰، ٤۳۲۰

←

’’بلا شبہ اللہ تعالیٰ کی زمین میں بعض گشت کرنے والے فرشتے ایسے ہیں جو مجھے میری اُمت کا سلام مجھے پہنچاتے ہیں۔‘‘

۵۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَا مِنْ أَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ إِلَّا رَدَّ اللهُ عَلَيَّ رُوْحِي حَتَّى أَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ.(۱)

’’(میری امت میں سے) کوئی شخص ایسا نہیں جو مجھ پر سلام بھیجے، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر میری روح واپس لوٹا دی ہوئی ہے، یہاں تک کہ میں ہر سلام کرنے والے کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔‘‘

۶۔ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

حَيْثُمَا كُنْتُمْ فَصَلُّوْا عَلَيَّ، فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ تَبْلُغُنِي(۲)

..... ۹۔ أبو يعلى، المسند، ۹:۱۳۷، رقم: ۵۲۱۳

۱۰۔ طبرانی، المعجم الكبير، ۱۰:۲۱۹، رقم: ۱۰۵۲۸-۱۰۵۳۰

۱۱۔ حاكم، المستدرك، ۲:۴۵۶، رقم: ۳۵۷۶

۱۲۔ بيهقی، شعب الإيمان، ۲:۲۱۷، رقم: ۱۵۸۲

(۱) ۱۔ أبو داود، السنن، كتاب: المناسك، باب: زيارة القبور، ۲:۲۱۸، رقم: ۲۰۴۱

۲۔ أحمد بن حنبل، المسند، ۲:۵۲۷، رقم: ۱۰۸۶۷

۳۔ طبرانی، المعجم الأوسط، ۳:۲۶۲، رقم: ۳۰۹۲، ۹۳۲۹

۴۔ بيهقی، السنن الكبرى، ۵:۲۴۵، رقم: ۱۰۰۵۰

۵۔ بيهقی، شعب الإيمان، ۲:۲۱۷، رقم: ۵۱۸۱۔ ۴۱۶۱

۶۔ ابن راهويه، المسند، ۱:۴۵۳، رقم: ۵۲۶

(۲) ۱۔ أحمد بن حنبل، المسند، ۲:۳۶۷، رقم: ۸۷۹۰

۲۔ طبرانی، المعجم الكبير، ۳:۸۲، رقم: ۲۷۲۹

۳۔ طبرانی، المعجم الأوسط، ۱:۱۷، رقم: ۳۶۵

۴۔ ديلمی، مسند الفردوس، ۵:۱۵، رقم: ۷۳۰۷

’’تم جہاں کہیں بھی ہو مجھ پر درود بھیجتے رہا کرو، بیشک تمہارا درود مجھے پہنچ جاتا ہے۔‘‘

۷۔ امام نسائی حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت نقل کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مرتبہ ہمارے پاس تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرۂ اقدس پر فرحت کے آثار نمایاں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّهُ جَاءَنِي جِبْرِيْلُ علیہ السلام، فَقَالَ: إِنَّ رَبَّكَ يَقُوْلُ: أَمَا يُرْضِيْكَ يَا مُحَمَّدُ، أَنْ لَا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِكَ إِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا، وَلَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِكَ إِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا؟ (۱)

’’ابھی ابھی جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور انہوں نے کہا: آپ کا رب فرماتا ہے: اے محمد! کیا آپ اس بات پر راضی نہیں کہ آپ کی امت میں سے جو شخص ایک مرتبہ آپ پر درود بھیجے، میں اس پر دس رحمتیں بھیجوں؟ اور آپ کی امت میں سے (اگر) کوئی آپ پر ایک مرتبہ سلام بھیجے تو میں اس پر دس مرتبہ سلام بھیجوں؟‘‘

حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے کہ ایک شخص آیا، نماز پڑھی اور اُس نے یوں دعا مانگی:

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِيْ.

---

(۱) ۱۔ نسائی، السنن، کتاب السهو، باب الفضل فی الصلاة علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ۳: ۵۰، رقم ۱۲۹۵

۲۔ دارمی، السنن ۲: ۴۰۸، رقم: ۲۷۷۳

۳۔ أحمد بن حنبل، المسند، ۴: ۲۹، رقم: ۱۶۴۰۸

۴۔ ابن المبارك، کتاب الزهد، ۱: ۳۶۴، رقم: ۱۰۶۷

۵۔ ابن أبی شیبة، المصنف، ۲: ۲۵۲، رقم: ۸۶۹۵

۶۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۵: ۱۰۰، رقم: ۴۷۲۰

''اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما!''

رسول اللہ ﷺ نے اس نمازی کو بلایا اور اس سے فرمایا:

عَجِلْتَ أَيُّهَا الْمُصَلِّي! إِذَا صَلَّيْتَ فَقَعَدْتَ، فَاحْمَدِ اللهَ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، وَصَلِّ عَلَيَّ، ثُمَّ ادْعُهُ.

''اے نماز پڑھنے والے! تو نے جلدی کی، جب تو نماز پڑھ لے تو بیٹھ جایا کر، پھر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی اس کی شان کے لائق حمد و ثنا بیان کر اور مجھ پر درود بھیج، پھر اس سے دعا مانگ۔''

راوی بیان کرتے ہیں کہ اس کے بعد ایک شخص نے نماز پڑھی اور پھر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی اور حضور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا:

أَيُّهَا الْمُصَلِّي! ادْعُ تُجَبْ.(۱)

''اے نماز پڑھنے والے! (اللہ تعالیٰ سے) مانگ، تیری دعا قبول کی جائے گی۔''

۸۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

إِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوفٌ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، لَا يَصْعَدُ مِنْهُ شَيْءٌ حَتَّى تُصَلِّيَ عَلَى نَبِيِّكَ ﷺ.(۲)

''یقیناً دعا اس وقت تک زمین اور آسمان کے درمیان ٹھہری رہتی ہے اور اس میں سے کوئی بھی چیز اوپر نہیں جاتی جب تک تم اپنے نبی مکرم ﷺ پر درود نہ پڑھ لو۔''

۹۔ اسی سلسلے میں امام بیہقی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی ایک روایت نقل کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

---

(۱) ترمذی، السنن، أبواب الدعوات، ۵: ۵۱۶، رقم: ۳۴۷۶

(۲) ۱۔ ترمذی، السنن، أبواب الصلاة، باب ماجاء فی فضل الصلاة علی النبی ﷺ، ۲: ۳۵۶، رقم: ۴۸۶

۲۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۲: ۳۳۰، رقم: ۲۵۹۰

كُلُّ دُعَاءٍ مَحْجُوْبٌ حَتَّى يُصَلَّى عَلَى مُحَمَّدٍ ﷺ وَآلِ مُحَمَّدٍ. (١)

''ہر دعا اس وقت تک (عدمِ قبولیت کے) حجاب میں رہتی ہے جب تک (اُس کے اوّل و آخر میں) حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر درود نہ بھیجا جائے۔''

١٠۔ حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

مَنْ صَلَّى عَلَى النَّبِيِّ ﷺ وَاحِدَةً، صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَمَلَائِكَتُهُ سَبْعِيْنَ صَلَاةً. (٢)

''جو حضور نبی اکرم ﷺ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اس پر ستر مرتبہ (بصورتِ رحمت) درود بھیجتے ہیں۔''

١١۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِي مَجْلِسٍ فَتَفَرَّقُوْا مِنْ غَيْرِ ذِكْرِ اللهِ وَالصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ إِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (٣)

---

(١) ١۔ طبرانی، المعجم الأوسط، ١: ٢٢٠، رقم: ٧٢١
٢۔ بیهقی، شعب الإیمان، ٢: ٢١٦، رقم: ١٥٧٥
٣۔ دیلمی، مسند الفردوس، ٣: ٢٥٥، رقم: ٤٧٥٤
٤۔ منذری، الترغیب والترهیب، ٢: ٣٣٠، رقم: ٢٥٨٩
٥۔ هیثمی، مجمع الزوائد، ١٠: ١٦٠
امام منذری نے امام طبرانی اور امام بیہقی کی بیان کردہ ان روایات کے تمام رجال کو ثقہ قرار دیا ہے۔

(٢) ١۔ أحمد بن حنبل، المسند، ٢: ١٧٢، ١٨٧، رقم: ٦٦٠٥۔ ٦٧٥٤
٢۔ منذری، الترغیب والترهیب، ٢: ٣٢٥، رقم: ٢٥٦٦
٣۔ هیثمی، مجمع الزوائد، ١٠: ١٦٠

(٣) ١۔ ابن حبان، الصحیح، ٢: ٣٥١، رقم: ٥٩٠
٢۔ أحمد بن حنبل، المسند، ٢: ٤٤٦، رقم: ٩٧٦٣ ←

’’جو لوگ کسی مجلس میں اکٹھے ہوئے اور پھر (اس مجلس میں) اللہ تعالیٰ کا ذکر اور نبی (ﷺ) پر درود پڑھے بغیر منتشر ہوگئے، قیامت کے روز وہ مجلس ان کے لیے باعثِ حسرت (و باعثِ خسارہ) بننے کے سوا اور کچھ نہیں ہوگی۔‘‘

۱۲۔ صحیح ابن حبان میں ہی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

مَا قَعَدَ قَوْمٌ مَقْعَدًا لَا يَذْكُرُوْنَ اللهَ فِيْهِ وَيُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ، إِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَإِنْ أُدْخِلُوا الْجَنَّةَ (۱)

’’کوئی قوم کسی بیٹھنے کی جگہ (یعنی مجلس میں) بیٹھے اور اس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے نہ نبی (ﷺ) پر درود بھیجے، تو وہ مجلس روزِ قیامت ان کے لیے حسرت (وخسارہ) کا باعث ہونے کے سوا کچھ نہیں ہوگی، اگرچہ وہ لوگ جنت میں بھی داخل ہو جائیں (لیکن انہیں ہمیشہ اس بات کا پچھتاوا رہے گا)۔‘‘

۱۳۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ عَشْرًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ مِائَةً وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ مِائَةً كَتَبَ اللهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ بَرَاءَةً مِنَ النِّفَاقِ

..... ۳۔ ابن المبارك، الزهد، ۱:۳٤۲، رقم: ۹٦۲

٤۔ هيثمی، مجمع الزوائد، ۱۰:۷۹

ہیثمی نے اس حدیث کو امام احمد بن حنبل کے حوالے سے نقل کیا اور کہا کہ اس کے تمام رجال صحیح ہیں۔

(۱) ۱۔ ابن حبان، الصحيح، ۲:۳۵۲، رقم:۵۹۱

۲۔ ابن أبی عاصم، كتاب الزهد، ۱:۲۷

۳۔ منذری، الترغيب والترهيب، ۲: ۲٦۳، رقم: ۲۳۳۱

٤۔ هيثمی، موارد الظمآن، ۱: ۵۷۷، رقم: ۲۳۲۲

۵۔ هيثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۷۹

وَبَرَاءَةً مِنَ النَّارِ وَأَسْكَنَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ الشُّهَدَاءِ (۱)

''جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتوں کا نزول فرماتا ہے، اور جو شخص مجھ پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے، اور جو شخص مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان (یعنی پیشانی پر) منافقت اور آگ (دونوں) سے ہمیشہ کے لیے آزادی لکھ دیتا ہے اور روزِ قیامت اس کا قیام (اور درجہ) شہداء کے ساتھ ہوگا۔''

۱۴۔ امام ابن ابی شیبہ اور ابو یعلیٰ نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے جس میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

صَلُّوْا عَلَيَّ، فَإِنَّ الصَّلَاةَ عَلَيَّ زَكَاةٌ لَكُمْ (۲)

''مجھ پر درود بھیجا کرو، بلاشبہ (تمہارا) مجھ پر درود پڑھنا تمہارے لیے (روحانی و جسمانی) پاکیزگی کا باعث ہے۔''

۱۵۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ حِيْنَ يُصْبِحُ عَشْرًا وَحِيْنَ يُمْسِي عَشْرًا أَدْرَكَتْهُ شَفَاعَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (۳)

---

(۱) ۱۔ طبرانی، المعجم الأوسط، ۷: ۱۸۸، رقم: ۷۲۳۵
۲۔ طبرانی، المعجم الصغیر، ۲: ۱۲۶، رقم: ۸۹۹
۳۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۲: ۳۲۳، رقم: ۲۵۶۰
٤۔ هیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۱۶۳

(۲) ۱۔ ابن أبی شیبة، المصنف، ۲:۲۵۳، رقم: ۸۷۰٤
۲۔ أبو یعلی، المسند، ۱۱:۲۹۸، رقم: ٦٤١٤
۳۔ حارث، المسند (زوائد الهیثمی)، ۲:۹٦۲، رقم: ۱۰٦۲

(۳) ۱۔ منذری، الترغیب والترهیب، ۱:۲٦۱، رقم: ۹۸۷
۲۔ هیثمی، مجمع الزوائد، ۱۰:۱۲۰

''جو شخص صبح کے وقت اور شام کے وقت مجھ پر دس دفعہ درود بھیجے گا، قیامت کے روز اسے میری شفاعت نصیب ہوگی۔''

فضائلِ درود وسلام

مذکورہ بالا احادیث کی روشنی میں درود وسلام کے جو فضائل مختصرا ہمارے سامنے آئے ہیں، وہ درج ذیل ہیں:

۱۔ درود وسلام سنتِ الٰہیہ اور سنتِ ملائکہ ہے۔

۲۔ درود وسلام پڑھنے والے پر خود اللہ رب العزت درود بھیجتا ہے۔

۳۔ درود وسلام بارگاہ الوہیت اور بارگاہ رسالت سے تعلق وقربت کا مجرب ترین نسخہ ہے۔

۴۔ درود وسلام آقا علیہ السلام کی توجہات، عنایات اور زیارت کا وسیلہ ہے۔

۵۔ درود وسلام حبیب کبریا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ سے شرفِ جواب کا موجب ہے۔

۶۔ درود وسلام، توبہ، بلندی درجات کا وسیلہ اور نزولِ رحمتِ خداوندی کا مؤثر ترین ذریعہ ہے۔

۷۔ درود وسلام بے شمار اجر وثواب، دنیوی واخروی فلاح اور کامیابی کا ذریعہ ہے۔

۸۔ درود وسلام کی قبولیت نہ صرف یقینی ہے بلکہ دعا اور دیگر اعمال صالحہ کی قبولیت کا ذریعہ بھی ہے۔

۹۔ درود وسلام دنیا وآخرت کے غموں کا مداوا ہے۔

۱۰۔ درود وسلام جسمانی وروحانی پاکیزگی کا ذریعہ ہے۔

مختلف صیغوں سے صلوٰۃ وسلام پڑھنے کا اِثبات

صلوٰۃ وسلام ہر دور میں اہلِ دل کا معمول رہا ہے اور وہ کثرت سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں کثرت سے درود وسلام بھیجتے رہے ہیں۔ کتب احادیث کے ساتھ ساتھ اکابر مشائخ سے بھی درود وسلام

کے بے شمار صیغے مروی ہیں جو صدیوں سے اہلِ خیر کا معمول چلے آ رہے ہیں۔ بارگاہ رسالت میں مختلف صیغوں اور الفاظ کے ساتھ صلاۃ وسلام بھیجنے کی خود حضور نبی اکرم ﷺ نے تلقین فرمائی۔ اس سلسلے میں ذیل میں چند احادیث بطور استدلال پیش کی جا رہی ہیں:

۱۔ حضرت ابو حمید الساعدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وسلم! ہم آپ پر درود کیسے بھیجیں؟ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

قُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ. (۱)

''یوں کہو: اے میرے اللہ! تو حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات اور اولاد اطہار پر درود بھیج، جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر درود بھیجا۔ اور اے اللہ! تو حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی اَزواجِ مطہرات اور اَولادِ اَطہار کو برکت عطا فرما، جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل کو برکت عطا فرمائی، بے شک تو بہت زیادہ تعریف کیا ہوا اور بزرگی والا ہے۔''

۲۔ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم نے آقا علیہ الصلاۃ والسلام سے عرض کیا: یا رسول

---

(۱) ۱۔ بخاری، الصحیح، کتاب الأنبیاء، باب قول اللّٰہ تعالی: واتّخذ اللّٰہ إبراھیم خلیلا، ۳: ۱۲۳۲، رقم: ۳۱۸۹

۲۔ مسلم، الصحیح، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی ﷺ بعد التشھد، ۱: ۳۰۶، رقم: ۴۰۶

۳۔ ابن ماجه، السنن، کتاب إقامة الصلاة والسنة فیھا، باب الصلاة علی النبی ﷺ، ۱: ۲۹۳، رقم: ۹۰۵

۴۔ مالك، الموطا، باب ما جاء فی الصلاة علی النبی ﷺ، ۱: ۱۶۵، رقم: ۳۹۵

۵۔ نسائی، السنن الکبری، ۱: ۳۸۴، رقم: ۱۲۱۷

اللہ صلی اللہ علیك وسلم! ہم نے آپ پر سلام بھیجنا تو جان لیا، لیکن آپ پر درود کیسے بھیجیں؟ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

قُولُوا: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ.

''یوں کہو: ''اے اللہ! حضرت محمد ﷺ اور اُن کی آل پر درود بھیج، جیسا کہ تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور اُن کی آل پر درود بھیجا۔ اور حضرت محمد ﷺ اور اُن کی آل کو برکت عطا فرما، جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل کو برکت عطا فرمائی۔ بے شک تو بہت زیادہ تعریف کیا ہوا اور بزرگی والا ہے۔''

حدیث کے راوی حضرت عبد الرحمان بن ابی لیلیٰ اِس حدیث کو روایت کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

وَنَحْنُ نَقُولُ: وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ. (۱)

''اور (یہ درود پڑھنے کے بعد) ہم کہا کرتے ہیں: ان کے ساتھ ہم پر بھی رحمت نازل فرما۔''

۳۔ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں درود و سلام بھیجنے کا طریقہ بیان کرتے ہوئے حضرت عبد اللہ

---

(۱) ۱۔ ترمذی، السنن، أبواب الصلاة، باب ما جاء فی صفة الصلاة علی النبی ﷺ، ۲: ۳۵۲، رقم: ۴۸۳

۲۔ نسائی، السنن، کتاب السهو، باب نوع آخر، ۳: ۴۷، رقم: ۱۲۸۷

۳۔ نسائی، السنن الکبری، ۱: ۳۸۲، رقم: ۱۲۱۰

۴۔ حمیدی، المسند، ۲: ۳۱۰، رقم: ۷۱۱

۵۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۹: ۱۳۱، رقم: ۲۸۷

۷۔ یوسف بن موسی، معتصر المختصر، ۱: ۵۴

بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

إِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ فَأَحْسِنُوا الصَّلَاةَ عَلَيْهِ، فَإِنَّكُمْ لَا تَدْرُونَ لَعَلَّ ذَلِكَ يُعْرَضُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَقَالُوا لَهُ: فَعَلِّمْنَا: قَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَاتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلَى سَيِّدِ الْمُرْسَلِينَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِينَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّينَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ إِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُولِ الرَّحْمَةِ، اللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا يَغْبِطُهُ بِهِ الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ. (۱)

''جب تم حضور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجو تو بڑے احسن انداز میں آپ ﷺ پر درود بھیجو کیونکہ تم نہیں جانتے کہ یہ درود آپ ﷺ پر پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: آپ ﷺ ہمیں سکھائیں کہ ہم حضور نبی اکرم ﷺ پر درود کیسے بھیجیں؟ انہوں نے فرمایا: یوں کہو: ''اے اللہ! تو اپنا درود، رحمت اور برکتیں رسولوں کے سردار، اہل تقویٰ کے امام اور خاتم الانبیاء حضرت محمد ﷺ کے لیے خاص فرما، (جو) تیرے بندے اور رسول ہیں، جو بھلائی اور خیر کے

---

(۱) ۱۔ ابن ماجه، السنن، كتاب إقامة الصلاة والسنة فيها، باب الصلاة على النبي ﷺ، ۱: ۲۹۳، رقم: ۹۰۶

۲۔ عبد الرزاق، المصنف، ۲: ۲۱۳، رقم: ۳۱۰۹

۳۔ أبو يعلى، المسند، ۹: ۱۷۵، رقم: ۵۲۶۷

٤۔ طبراني، المعجم الكبير، ۸: ۱۱۵، رقم: ۸۵۹٤

٥۔ بيهقي، شعب الإيمان، ۲: ۲۰۸، رقم: ۱۵۵۰

امام اور قائد اور رسولِ رحمت ہیں۔ اے اللہ! ان کو اس مقام محمود پر پہنچا جس کی خواہش اَوّلین اور آخرین سب کرتے ہیں۔ اے اللہ! حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر درود بھیج، جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ علیہ السلام کی آل پر درود بھیجا، بے شک تو تعریف کیا ہوا اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! تو حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی آل کو برکت عطا فرما، جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ علیہ السلام کی آل کو برکت عطا فرمائی۔ بے شک تو بہت زیادہ تعریف کیا ہوا اور بزرگی والا ہے۔‘‘

۴۔ حضرت عقبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ درود پاک پڑھنے کا طریقہ، خود حضور نبی اکرم ﷺ نے ان الفاظ میں بیان فرمایا:

قُولُوا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ. (۱)

’’یوں کہو: اے میرے اللہ! تو درود بھیج اُمی نبی حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر۔‘‘

۵۔ حضرت زید بن خارجہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ ہم آپ ﷺ پر درود کیسے بھیجیں؟ آپ ﷺ نے جواباً ارشاد فرمایا:

صَلُّوا عَلَيَّ وَاجْتَهِدُوا فِي الدُّعَاءِ، وَقُولُوا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّد. (۲)

’’مجھ پر درود بھیجا کرو اور خوب گڑگڑا کر دعا کیا کرو، اور یوں کہا کرو: ’’اے اللہ! تو حضرت محمد

---

(۱) ابو داؤد، السنن، کتاب الصلاۃ، باب: الصلاۃ علی النبی ﷺ بعد التشهد، ۱: ۲۵۸، رقم: ۹۸۱

(۲) ۱۔ نسائی، السنن، کتاب السهو، باب نوع آخر، ۵۲، ۳: ۴۸، رقم: ۱۲۹۲

۲۔ نسائی، السنن الکبری، ۱: ۳۸۳، رقم: ۹۸۸۱

۳۔ نسائی، عمل الیوم واللیلۃ، ۱: ۱۶۲، رقم: ۵۳

۴۔ عسقلانی، فتح الباری، ۱۱: ۱۵۴

مصطفیٰ ﷺ اور آپ ﷺ کی آل پر درود بھیج۔‘‘

۶۔ حضرت عقبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور آپ ﷺ کے سامنے بیٹھ گیا۔ پھر اس نے سوال کیا:

يَا رَسُوْلَ اللهِ! أَمَّا السَّلَامُ عَلَيْكَ، فَقَدْ عَرَفْنَاهُ، فَكَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْكَ إِذَا نَحْنُ صَلَّيْنَا فِي صَلَاتِنَا؟ قَالَ: صَمَتَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ حَتَّى أَحْبَبْنَا أَنَّ الرَّجُلَ لَمْ يَسْأَلْهُ، ثُمَّ قَالَ ﷺ: إِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَيَّ فَقُوْلُوا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلَى آلِ مُحَمَّد، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ . (۱)

’’یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وسلم! آپ پر سلام کا بھیجنا تو ہم نے جان لیا، لیکن جب ہم حالتِ نماز میں ہوں تو آپ پر درود کیسے بھیجیں؟ راوی فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ خاموش رہے جس سے ہم نے چاہا کہ کاش سوال کرنے والے آدمی نے حضور نبی اکرم ﷺ سے یہ سوال نہ کیا ہوتا۔ پھر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم مجھ پر درود بھیجو تو یوں کہو: ’’اے اللہ! نبیِ اُمّی حضرت محمد، اور آپ ﷺ کی آل پر درود بھیج، جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ علیہ السلام کی آل پر درود بھیجا۔ اور اے اللہ! نبیِ اُمّی حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ

(۱) ۱۔ حاکم، المستدرك على الصحيحين، ۱: ۴۰۱، رقم: ۹۸۸
۲۔ ابن حبان، الصحيح، ۵: ۲۸۹، رقم: ۱۹۵۹
۳۔ دار قطنی، السنن، باب ذكر وجوب الصلاة، ۱: ۳۵۴، رقم: ۲
۴۔ ابن أبی شيبة، المصنف، ۲: ۲۴۷، رقم: ۸۶۳۵
۵۔ طبرانی، المعجم الكبير، ۱۷: ۲۵۱، رقم: ۶۹۸
۶۔ بيهقی، السنن الكبرى، ۲: ۱۴۶، رقم: ۲۶۷۲

کی آل کو برکت عطا فرما، جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ علیہ السلام کی آل کو برکت عطاء فرمائی، بے شک تو بہت زیادہ تعریف کیا ہوا اور بزرگی والا ہے۔‘‘

۷۔ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے عرض کیا:

يَا رَسُوْلَ اللهِ! قَدْ عَلِمْنَا كَيْفَ نُسَلِّمُ عَلَيْكَ، فَكَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْكَ؟ قَالَ ﷺ: قُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا جَعَلْتَهَا عَلَى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ. (۱)

’’یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! آپ پر سلام بھیجنا تو ہم جان گئے لیکن آپ پر درود کیسے بھیجیں؟ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا یہ کہو: اے میرے اللہ! تو اپنے درودوں اور برکتوں کو حضور نبی اکرم ﷺ کے لیے خاص کر دے، جیسا کہ تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل کے لیے خاص کیا تھا، بے شک تو بہت زیادہ تعریف کیا ہوا اور بزرگی والا ہے۔‘‘

۸۔ حضرت زید بن وہب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

لَا تَدَعْ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ أَلْفَ مَرَّةٍ، تَقُوْلُ: اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ. (۲)

’’تم جمعہ کے روز حضور نبی اکرم ﷺ پر ایک ہزار مرتبہ درود بھیجنے کا عمل ترک مت کرنا۔ اور درود اس طرح بھیجنا: اے میرے اللہ! حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر درود بھیج۔‘‘

امام شافعی نے اپنی کتاب ’الرسالۃ (ص: ۱۶)‘ میں درج ذیل الفاظ کے ساتھ حضور نبی اکرم ﷺ پر درود ذکر کیا ہے:

---

(۱) هيثمی، مجمع الزوائد، ۱۰: ۱۶۳

(۲) ۱۔ ابو نعيم، حلية الأولياء وطبقات الأصفياء، ۸: ۲۳۷

۲۔ سيوطی، الدر المنثور فی التفسير بالماثور، ۵: ۴۱۲

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ كُلَّ مَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ، وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ، وَصَلَّى عَلَيْهِ فِي الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ أَفْضَلَ وَأَكْثَرَ وَأَزْكَى مَا صَلَّى عَلَى أَحَدٍ مِنْ خَلْقِهِ

''اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ پر درود نازل فرمائے، جب بھی ذاکرین اس کا ذکر کریں اور جب بھی غافلین اس کے ذکر سے غافل ہوں۔ اور آپ ﷺ پر ایسا افضل، بے حد وحساب اور پاکیزہ ترین درود نازل فرمائے جو اگلے اور پچھلے لوگوں میں سے کسی پر بھی نازل نہیں کیا گیا۔''

۹۔ امام ابن جوزی نے اپنی کتاب 'صفة الصفوة (۲: ۲۵۷)' میں اس درود سے متعلق حضرت ابو بیان الاصبہانی کا ایک بڑا دل چسپ خواب ذکر کیا ہے۔ ابو بیان کہتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا تو آپ ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وسلم: محمد بن ادریس الشافعی کو بھی آپ صلی اللہ علیك وسلم نے کسی خصوصی انعام سے نوازا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، میں نے اللہ تبارک وتعالیٰ سے عرض کیا کہ شافعی کا حساب وکتاب نہ لے۔ ابو بیان کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وسلم: وہ کس وجہ سے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیوں کہ وہ مجھ پر ایک ایسا درود بھیجتا تھا جیسا کسی اور نے نہیں بھیجا۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وسلم: وہ درود کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: وہ ان الفاظ کے ساتھ مجھ پر درود بھیجتا تھا:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْهُ الْغَافِلُوْنَ.

''اے اللہ! حضرت محمد ﷺ پر صلاۃ نازل فرما جب ذاکرین اُن کا ذکر کریں، اور حضرت محمد ﷺ پر صلاۃ نازل فرما جب کبھی غافلین اُنہیں بھول جائیں۔''

۱۰۔ اسی خواب کو امام ابن القیم نے 'جلاء الأفهام (ص: ۴۱۲)' میں عبد اللہ بن عبد الحکم کے حوالے

سے بھی ذکر کیا ہے۔

عبد اللہ بن عبد الحکم فرماتے ہیں کہ میں نے شافعی کو خواب میں دیکھا اور ان سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا تو انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ پر رحم فرمایا، مجھے بخش دیا اور مجھے ایک دولہے کی طرح فرشتوں کے جھرمٹ میں اور رحمتوں کی برسات میں جنت میں داخل فرما دیا۔ میں نے پوچھا کہ آپ اس مقام تک کیسے پہنچے؟ تو آپ نے مذکورہ بالا جواب دیا۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ امام شافعی نے جس درود کو ان تمام برکات کا سبب قرار دیا، میں نے صبح اٹھ کر آپ کی کتاب **الرسالة** میں دیکھا تو وہ درود مجھے مل گیا۔

۱۱۔ اسی خواب کو ابن عساکر نے 'تاریخ **مدینة دمشق الکبیر** (۵۱: ۴۳۶)' میں ابو الحسن الشافعی کے حوالے سے بھی نقل کیا ہے۔

۱۲۔ امام قضاعی نے 'مسند **الشهاب** (۲: ۱۴۵، ۱۴۶، رقم: ۱۰۷۰)' میں یہ درود پاک باختلافِ اَلفاظ درج ذیل عبارت کے ساتھ ذکر کیا ہے:

وَصَلَوَاتُهٗ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِيِّهٖ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ أَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا دَائِمًا مَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَصَلَّى عَلَيْهِ الْمُصَلُّوْنَ وَغَفَلَ عَنْهُ الْغَافِلُوْنَ.

''اور اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہو ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ، آپ ﷺ کی آل اور آپ کے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر، اور دائمی سلامتی نازل ہو جس قدر ذاکرین آپ ﷺ کا ذکر کریں اور درود بھیجنے والے آپ ﷺ پر درود بھیجیں اور جس قدر غافلین آپ ﷺ سے غفلت کریں۔''

مذکورہ بالا احادیث مبارکہ اور اقوال و آثار کی روشنی میں یہ حقیقت واضح ہو گئی ہے کہ مختلف صیغوں اور الفاظ کے ساتھ درود وسلام خود حضور نبی اکرم ﷺ سے ثابت ہے اور یہ سلف صالحین کا معمول رہا ہے۔ اِس اَمر میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، تابعین اور اَئمہ سلف میں کبھی کوئی اختلاف نہیں رہا۔ یہاں

تک کہ امام شافعی، ابن ابی الدنیا، ابن اسحاق اَزدی، سیدنا الشیخ عبدالقادر جیلانی، امام نووی، علامہ ابن القیم الجوزیہ، حافظ ابن حجر عسقلانی، امام سخاوی، امام ابن حجر ہیتمی مکی، علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی اور بے شمار دیگر ائمہ کرام نے اپنی کتابوں میں مختلف صیغوں کے ساتھ لاتعداد درود وسلام درج کیے ہیں۔ ان میں سے چند کتابوں کا مختصر ذکر آگے آ رہا ہے۔

اَفضل ترین درود شریف

اگرچہ درود وسلام کی فضیلت اور حضور نبی اکرم ﷺ پر مختلف صیغوں سے صلاۃ وسلام بھیجنا متفق علیہ امر ہے، البتہ بعض ائمہ محدثین اور علمائے کرام کا اس مسئلہ میں کچھ اختلاف رہا ہے کہ سب سے افضل درود کون سا ہے؟ بعض متاخرین نے کہا ہے کہ درود ابراہیمی کے علاوہ کوئی درود نہ پڑھا جائے کیونکہ یہی درود شریف حضور نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے اور نماز میں بھی یہی درود شریف پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے 'فتح الباری (۱۱: ۱۶۷)' اور علامہ آلوسی نے 'تفسیر روح المعانی (۱۶: ۲۱۴)' میں اس مسئلہ پر تفصیل سے بحث کرتے ہوئے ائمہ کرام کی مختلف آراء نقل کی ہیں جن کا خلاصہ درج ذیل ہے:

۱۔ ابن فارس اللّغوی کے نزدیک، درود ابراہیمی ہی سب سے افضل درود ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ خود حضور نبی اکرم ﷺ نے اس کی تعلیم دی۔

۲۔ امام نووی کے نزدیک بھی درود ابراہیمی افضل ہے۔ اس لیے ان کے ہاں اگر کوئی حلف اٹھائے کہ ''میں نبی رحمت ﷺ پر افضل ترین درود پڑھوں گا'' تو اُس کی قسم صرف اِسی درود کے پڑھنے سے پوری ہوگی۔ جب کہ

۳۔ علامہ رافعی نے ابراہیم مروزی سے نقل کیا ہے کہ قسم، اس درود کے پڑھنے سے پوری ہوگی:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا

سَهَا عَنْهُ الْغَافِلُوْنَ (۱)

''اے اللہ! حضرت محمد ﷺ اور آپ کی آل پاک پر صلاۃ نازل فرما، جب ذاکرین تیرا ذکر کریں اور جب کبھی غافلین اسے بھول جائیں۔''

۴۔ قاضی حسین بن احمد العرشی فرماتے ہیں قسم پوری کرنے کے لیے یہ درود پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ أَهْلُهُ وَمُسْتَحِقُّهُ (۲)

''اے اللہ! حضرت محمد ﷺ پر درود بھیج، جیسے کہ وہ اس کے لائق اور مستحق ہیں۔''

۵۔ علامہ بارزی نے کہا کہ افضل ترین درود یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ أَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ وَعَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ . (۳)

''اے اللہ! حضرت محمد ﷺ اور آپ کی آل پاک پر افضل ترین اور اپنے علم کی وسعت کے مطابق درود بھیج۔''

۶۔ علامہ کمال بن ہمام حنفی اس درود کو سب سے افضل قرار دیتے ہیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ أَبَدًا أَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ عَلٰى سَيِّدِنَا عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ تَسْلِيْمًا وَّزِدْهُ شَرَفًا وَّ تَكْرِيْمًا وَّأَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ .

''اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ، جو تیرے خاص بندے اور رسول ہیں، اور آپ کی

---

(۱) عسقلانی، فتح الباری، ۱۱: ۱٦۷

(۲) ۱۔ عسقلانی، فتح الباری، ۱۱: ۱٦۷

۲۔ آلوسی، روح المعانی ۱٦: ۲۱٤

(۳) آلوسی، روح المعانی، ۲۲: ۸۳

آل پاک پر اپنا افضل ترین درود اور بہت زیادہ سلام بھیج، ان کے شرف و کرامت میں اضافہ فرما اور قیامت کے دن انہیں اپنے قرب میں جگہ عطا فرما۔‘‘

علامہ ابن ہمام فرماتے ہیں کہ اس درود شریف کے افضل ہونے کا سبب یہ ہے کہ درود شریف سے متعلق حدیث پاک میں منقول تمام کیفیات اور صیغے اس درود میں آ جاتے ہیں۔ (۱)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، تابعین اور ائمہ اسلاف کا قول اور عمل اسی امر پر دلالت کرتا ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلاۃ بھیجنے میں الفاظ اور صیغے مخصوص نہیں بلکہ جس کو اللہ تعالیٰ نے فصاحت وبلاغت سے نوازا ہو، اور وہ معانی ومطالب کو صحیح اور صریح عبارات سے ادا کر سکتا ہو، جو آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کمالِ شرف اور عظمت وحرمت پر مشتمل ہوں، تو اسے یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی طرف سے خوبصورت الفاظ میں درود شریف پیش کر سکتا ہے۔ جیسا کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ عمدہ الفاظ و اسلوب میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجو اور پھر ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے خود خوبصورت اور عمدہ الفاظ میں درود پڑھ کر سنایا۔ اس کا تذکرہ ہم گزشتہ صفحات میں کر چکے ہیں۔

۷۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں بارگاہِ نبوی علی صاحبها الصلوٰة والسلام میں حاضر تھا کہ ایک آدمی حاضر خدمت ہوا، اس نے سلام پیش کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا جواب عنایت فرمایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے ساتھ بڑی خندہ پیشانی سے پیش آئے اور اسے اپنے پہلو میں بٹھا لیا۔ جب وہ اپنا مدعا پورا کر کے رخصت ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابو بکر! یہ وہ شخص ہے کہ جس کا ایک عمل ہر روز تمام روئے زمین والوں کے عمل کے برابر مقدار میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وسلم! یہ کیسے اور کیوں کر ہوتا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب بھی یہ صبح کرتا ہے تو دس مرتبہ تمام مخلوق کے برابر درود بھیجتا ہے۔ میں نے عرض کیا: وہ کیسے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کہتا ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِالنَّبِيِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ

---

(۱) آلوسی، روح المعانی، ۲۲: ۸۳

عَلٰی مُحَمَّدِ نِالنَّبِيِّ كَمَا يَنْبَغِي لَنَا أَنْ نُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدِ نِالنَّبِيِّ كَمَا أَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّيَ عَلَيْهِ(۱)

''اے اللہ! نبی مکرّم حضرت محمد ﷺ پر اپنی مخلوق میں سے آپ ﷺ پر صلاۃ بھیجنے والوں کی تعداد کے مطابق درود بھیج۔ اور ہماری طرف سے بھی نبی مکرّم حضرت محمد ﷺ پر صلاۃ نازل فرما جیسے کہ آپ ﷺ پر صلاۃ بھیجنا ہم پر لازم ہے، اور نبی مکرّم حضرت محمد ﷺ پر صلاۃ بھیج جیسا کہ تو نے ہمیں ان پر صلاۃ بھیجنے کا حکم دیا ہے۔''

۸۔ ابن عدی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اور ابو داؤد، ابن مردویہ اور بیہقی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جسے یہ امر خوشی و مسرت عطا کرے کہ اسے ہم اہل بیت پر درود وصلوٰۃ بھیجتے وقت کامل و اکمل پیمانہ کے ساتھ پوری پوری جزاء دی جائے تو اُسے چاہیے کہ وہ یوں کہے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَأُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.(۲)

''اے اللہ! حضرت محمد ﷺ، آپ ﷺ کی اَزواجِ مطہرات، آپ ﷺ کی ذُرّیت اور اُمہات المومنین پر صلاۃ نازل فرما، جس طرح تو نے ابراہیم علیہ السلام پر صلوٰۃ بھیجا۔ بے شک تو بہت زیادہ تعریف کیا گیا اور بزرگی والا ہے۔''

۹۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے 'فتح الباری (۱۱: ۱۶۷)' میں شیخ مجد الدین الشیرازی کی کتاب **فضل الصلوۃ علی النبی** ﷺ کے حوالے سے درج ذیل الفاظ کے ذریعے حضور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجنے کو پسندیدہ قرار دیا ہے:

---

(۱) سیوطی، الدرالمنثور فی االتفسیر بالماثور، ٦: ٦٤٨

(۲) ابو داؤد، السنن، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی ﷺ بعد التشھد، ۱: ۲۵۸، رقم: ۹۸۲

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلَى آلِهِ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ وَسَلِّمْ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَا نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ.

''اے اللہ! نبی اُمّی حضرت محمد ﷺ پر - جو تیرے خاص بندے اور رسول ہیں - اور آپ ﷺ کی آل، اَزواجِ مطہرات اور اَولادِ اَطہار پر رحمت اور سلامتی نازل فرما؛ اپنی مخلوقات کے عدد، اپنی رضا، اپنے عرش کے وزن اور اپنے کلمات کی سیاہی کے برابر۔''

ایک دوسرے مقام پر ان الفاظ کا اضافہ بھی کیا گیا ہے:

وَعَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ .(۱)

''اور جفت اور طاق اعداد کے مطابق اور اپنے کلماتِ تامہ کے عدد کے مطابق۔''

۱۰۔ علامہ آلوسی فرماتے ہیں:

وَرَدَ فِي عِدَّةِ طُرُقٍ عَنْ عِدَّةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ أَنَّهُمْ لَمَّا قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَالُوا: صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ. (۲)

''متعدد اَسانید سے مختلف صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ جب وہ ''یا رسول اللہ!'' کہتے تو ساتھ ہی عرض کرتے: صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ (آپ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو)۔''

مختلف صیغہ ہاے درود پر اِجماعِ اُمت

گزشتہ بحث سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچی کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اَسلاف جب بھی حضور نبی اکرم ﷺ کا اسم گرامی لکھتے یا بیان کرتے تو اس میں ''صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ'' یا اس کے ہم معنی الفاظ تحریراً و

(۱) ابن حجر عسقلانی، فتح الباری، ۱۱: ۱٦۷

(۲) آلوسی، روح المعانی، ۲۲: ۸۲

تقریراً استعمال کرتے۔ اگر ہم ائمہ سلف کی کتابوں کو دیکھیں تو ان میں مختلف طریقوں سے مختصر درود وسلام ''ﷺ'' آج تک مروج و متداول ہے۔ پس اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ:

(۱) درود شریف کے لیے ایسے مخصوص الفاظ نہیں کہ ان کے سوا باقی الفاظ میں درود شریف لکھا یا پڑھا نہ جا سکے۔ اس لیے ہر دور میں حسین وجمیل الفاظ میں درود شریف پڑھا اور لکھا جا سکتا ہے۔

(۲) درود ابراہیمی کی افضلیت نماز میں ہے، نماز کے علاوہ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں مختلف الفاظ اور صیغوں سے بھی درود وسلام پیش کیا جا سکتا ہے۔

صحابہ کرام، تابعین اور تبع تابعین کے عہد سے آج تک مختصر ترین درود وسلام ''ﷺ'' پر بھی عمل چلا آ رہا ہے۔ اس کے علاوہ بھی سید دوعالم ﷺ سے مختلف صیغے مروی ومنقول ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنے طور پر بھی مختلف انداز سے درود وسلام پڑھتے اور پڑھنے کا حکم بھی دیتے رہے۔

مشائخ کرام نے درود وسلام کے مختلف الفاظ اور صیغوں پر مشتمل کتب تصنیف فرمائیں اور سلاسلِ اَربعہ اور دیگر سلاسلِ طریقت میں ان کا پڑھنا آج تک مروّج، معمول اور معروف ہے۔ ان میں امام ابن فارس لغوی کی **فضل الصلاة علی النبی** ﷺ، علامہ ابن القیم الجوزیہ کی **جلاء الأفهام**، امام جزولی کی **دلائل الخیرات**، امام یعقوب فیروز آبادی کی **الصلات والبُشر فی الصلاة علی خیر البَشَر** ﷺ، امام سخاوی کی **الحرز المنیع** اور **القول البدیع فی الصلاة علی الحبیب الشفیع** ﷺ، امام ابن حجر ہیتمی مکی کی **الدر المنضود في فضل الصلوة والسلام علی صاحب المقام المحمود** ﷺ اور امام نبہانی کی **سعادة الدارین** مختلف صیغوں میں درود وسلام کے حوالے سے زیادہ معروف ہیں۔

علامہ اسماعیل حقیؒ درود کے مختلف صیغوں اور الفاظ میں کثرت کے بارے میں بیان فرماتے ہیں:

وَاعْلَمْ أَنَّ الصَّلَوَاتِ مُتَنَوِّعَةٌ إِلٰى أَرْبَعَةِ آلَافٍ، وَفِي رِوَايَةٍ إِلٰى اِثْنَى عَشَرَ أَلْفًا عَلٰى مَا نُقِلَ عَنِ الشَّيْخِ سَعْدِ الدِّيْنِ مُحَمَّدٍ الْحَمَوِيِّ قُدِّسَ سِرُّهُ،

كُلٌّ مِنْهَا مُخْتَارُ جَمَاعَةٍ مِنْ أَهْلِ الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ بِحَسْبِ مَا وَجَدُوْهُ رَابِطَةَ الْمُنَاسَبَةِ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهُ ﷺ وَفَهِمُوْا فِيهِ الْخَوَاصَ وَالْمَنَافِعَ (۱)

''جان لیجیے کہ درود وصلوات کی چار ہزار اَنواع و اقسام ہیں اور شیخ سعد الدین محمد حموی قدس سرہٗ سے منقول ایک روایت کے مطابق بارہ ہزار اقسام ہیں۔ ان میں سے ہر ایک درود، شرق و غرب کے اَخیار و اَصفیاء اور کاملین کی ایک جماعت کا مختار ہے، جس کی بنائے اختیار، اس درود وصلوٰۃ کی بدولت، ان کے اور نبی الانبیاء ﷺ کے درمیان قائم ہونے والے ربط اور روحانی تعلق پر ہے، ان خواص اور منفعتوں کی بنیاد پر جو انہیں ان درودوں اور صلوات میں معلوم ہوئیں۔''

درود وسلام پر مستقلاً لکھی جانے والی کتب

درود وسلام سے متعلق عرب وعجم کے ائمہ محدثین، علمائے کرام اور دیگر صلحاے امت نے مستقلاً ضخیم کتابیں مرتب کی ہیں۔ ان کتابوں میں درود شریف کو مختلف الفاظ اور صیغوں کے ساتھ لکھا اور جمع کیا اور پھر ان کو وظائف کے طور پر اپنا معمول بنایا جس سے بہت سی خیر و برکات حاصل ہوئیں۔ ان میں سب سے زیادہ مقبولیت امام جزولیؒ کی مرتب کردہ کتاب ''دلائل الخیرات'' کو ملی۔ دلائل الخیرات عرصہ دراز سے صوفیاء کرامؒ اور صلحاے امت کا معمول رہی ہے۔ آپؒ نے اس کتاب میں مشہور امام ابن ابی الدنیا، ابن اسحاق الازدی، امام شافعی، سیدنا الشیخ عبدالقادر جیلانی اور دیگر ائمہ سلف کے بیان کردہ صیغہ ہاے درود کو بھی جمع کیا ہے۔

مختلف زبانوں میں اس موضوع پر لکھی جانے والی دیگر کتب کی تعداد حیطہ شمار سے باہر ہے۔ تاہم ذیل میں چند مشہور کتب کی فہرست زمانی ترتیب کے مطابق دی جارہی ہے:

۱. **فضل الصلاة على النبيّ ﷺ، لإسماعيل بن إسحاق الجهضمي**

(۱) إسماعيل حقي، روح البيان، ۷: ۲۳۳

الأزدي القاضي المالكي (م٢٨٢هـ)۔

٢. فضل الصلاة على النبيّ ﷺ، لأبي بكر أحمد بن عمرو بن أبي عاصم (م ٢٨٧هـ)۔

٣. الصلاة والتسليم على النبيّ وأمير المؤمنين عليهما السّلام، لأبي القاسم عليّ بن أحمد الكوفي (م٣٥٢هـ)۔

٤. قدس الطور وينبوع النور في معنى الصلاة على النبيّ ﷺ، لأبي علي محمد بن أحمد بن الجنيد الكاتب الإسكافي (م ٣٨١هـ)۔

٥. فضل الصلاة على النبيّ ﷺ، لابن شاهين عمر بن أحمد (م ٣٨٥هـ)۔

٦. فضل الصلاة على النبيّ ﷺ، لأبي الحسين أحمد بن فارس بن زكرياء اللغوي (م ٣٩٥هـ)۔

٧. جزء في فضائل الصلوات على النبيّ ﷺ، لإبي الحسين أحمد بن زكريا فارس اللغوي (م ٣٩٥هـ)۔

٨. الكبريت الأحمر، للشيخ محيي الدين عبد القادر الجيلي (م ٥٦١هـ)۔

٩. القربة إلى ربّ العالمين بالصلاة على محمد سيد المرسلين ﷺ، لأبي القاسم خلف بن عبد الملك بن بشكوال (م ٥٧٨هـ)۔

١٠. قربان المتقين في الصلاة على النبيّ ﷺ، لأبي القاسم خلف بن عبد الملك بن بشكول (م ٥٧٨ھ)۔

١١. مطالع الأنوار ومسالك الأبرار في فضائل الصلاة على النبيّ المختار ﷺ، لجبر بن محمد بن جبر بن هشام القرطبي (م ٦١٥ھ)۔

١٢. الصلاة المشيشية، لابن مشيش عبد السلام بن مشيش بن أبي بكر الحسني الغربي (م٦٢٢ھ)۔

١٣. الفجر المنير في الصلاة على البشير النذير ﷺ، لتاج الدين عمر بن علي بن صدقة اللخمي الإسكندري الفاكهي(م ٧٣١ھ)۔

١٤. الإعلام بفضائل الصلاة على خير الأنام ﷺ، لأبي عبد الله محمد بن عبد الرحمن القسنطيني المغربي الضرير المالكي(م ٧٣٩ھ)۔

١٥. جلاء الأفهام في فضل الصلوة والسّلام على سيدنا محمد خير الأنام ﷺ، للإمام شمس الدين أبي عبد الله محمد بن أبي بكر المعروف بابن القيم الجوزية حنبلي(م٧٥١ھ)۔

١٦. ربيع الأبرار في الصلاة على النبي المختار ﷺ، للإمام شمس الدين أبي عبد الله محمد بن أبي بكر المعروف بابن القيم الجوزية حنبلي (م٧٥١ھ)۔

١٧. فضل الصلاة على النبي ﷺ، للإمام شمس الدين أبي عبد الله محمد بن أبي بكر المعروف بابن القيم الجوزية حنبلي(م٧٥١ھ)۔

١٨. الصلات والبُشَر في الصلاة على خير البَشَر ﷺ، لمجدالدين محمد بن يعقوب الفيروز آبادى (م ٧٢٩ھ)۔

١٩. الخير الكثير في الصلاة والسلام على البشير النذير ﷺ، لشعبان بن محمد الآثاري القرشي (م ٨٢٨ھ)۔

٢٠. شرح الصلاة على رسول الله ﷺ، لشهاب الدين أحمد بن أبي بكر البلقيني(م٨٤٤ھ)۔

٢١. دلائل الخيرات و شوارق الأنوار في ذكر الصلاة على النبيّ المختار ﷺ، لأبي عبد الله محمد بن عبد الرحمن بن سليمان بن أبي بكر الجزولي المغربي المالكي (م٨٧٠ھ)۔

٢٢. اللواء المعلم في مواطن الصلوة على النبي ﷺ، لمحمد بن عبد الله بن خيضر بن سليمان الدمشقي الخيضري الشافعي(م٨٢١ھ)۔

٢٣. تحفة الأخيار في فضائل الصلاة والسلام على النبي المختار ﷺ، لمحمد بن قاسم بن عبد الله بن محمد الرصّاع التونسي الأنصاري (م٨٩٤ھ)۔

٢٤. مواطن الصلاة على النبي ﷺ، للقاضي قطب الدين محمد بن محمد الخيضري الشافعي الدمشقي (م٨٩٤ھ)۔

٢٥. القول البديع في الصلاة على الحبيب الشفيع ﷺ، لأبي الخير شمس الدين أبي عبد الله محمد بن عبد الرحمن السخاوي المصري

الشافعي (م٩٠٢ھ)۔

٢٦. الحرز المنيع من القول البديع في الصلاة على الحبيب الشفيع ﷺ، لأبي الخير شمس الدين أبي عبد الله محمد بن عبد الرحمن السخاوي المصري الشافعي (م٩٠٢ھ)۔

٢٧. الصلاة على النبي ﷺ، لأبي بكر أحمد بن عمرو بن عبد الخالق البصري البزار (م٩٠٥ھ)۔

٢٨. فضل الصلاة على النبي ﷺ، لحسين بن علي الكاشفي البيهقي (مات في حدود ٩١٠ھ)۔

٢٩. رسالة في الصلاة على النبي عليه الصلاة والسلام، لجلال الدين عبد الرحمن السيوطي (م٩١١ھ)۔

٣٠. الحرز المنيع في أحكام الصلاة على الحبيب الشفيع لجلال الدين عبد الرحمن السيوطي (م٩١١ھ)۔

٣١. القول البديع في الصلاة على الحبيب الشفيع ﷺ، لعائشة بنت يوسف الباعونية الدمشقية (م٩٢٢ھ)۔

٣٢. مسالك الحنفا إلى مشارع الصلاة على النبي المصطفى ﷺ، للإمام شهاب الدين أحمد بن محمد بن أبي بكر القسطلانى الشافعي (م٩٢٣ھ)۔

٣٣. شفاء الأسقام و محو الآثام في الصلاة على خير الأنام ﷺ، لعبد الجليل بن محمد بن أحمد بن عظوم المرادي القيرواني(م٩٦٠ھ)۔

٣٤. الدر المنضود في فضل الصلوة والسلام على صاحب المقام المحمود ﷺ، للإمام شهاب الدين أحمد بن حجر الهيتمي المكي الشافعي (م٩٧٤ھ)۔

٣٥. شرح الصلاة على النبي ﷺ (المنسوبة للغزالي)، لأحمد بن حجازي الفشني (كان حيّاً في سنة ٩٧٨ھ)۔

٣٦. ضرورة الترغيب في الصلاة على الحبيب لعبد الرحمن بن أحمد السخاوي (م١١٢٣ھ)۔

٣٧. الفتح المبين والدر الثمين في فضل الصلاة على سيد المرسلين ﷺ، لعبد الله بن محمد الخياط الهاروشي الفاسي(م١١٧٥ھ)۔

٣٨. سعادة الدارين في الصلاة والسلام على سيد الثقلين لمحمد بن محمد بن فرج ﷺ المعروف بـ: الإمام المنزلي (م١٢٤٨ھ)۔

٣٩. رسالة في وجوب الصلاة على النبي ﷺ وعدمه، للقاضي محمد بن علي بن محمد الشوكاني الصنعاني اليماني(م١٢٥٠ھ)۔

٤٠. طيب الكلام في تخصيص الصلاة على خير الأنام ﷺ، للقاضي محمد بن علي بن محمد الشوكاني الصنعاني اليماني(م١٢٥٠ھ)۔

٤١. أزهار الخمائل في الصلوات المشتملة على الشمائل، لمحمد معروف بن مصطفى بن أحمد النودهي البرزنجي الشافعي (م ١٢٥٤هـ)۔

٤٢. أوثق العرى في الصلاة والسلام على خير الورىٰ ﷺ، لمحمد معروف بن مصطفى بن أحمد النودهي البرزنجي الشافعي (م ١٢٥٤هـ)۔

٤٣. تنوير الضمير في الصلوات المشتملة على أسماء البشير النذير ﷺ، لمحمد معروف بن مصطفى بن أحمد النودهي البرزنجي الشافعي (م١٢٥٤هـ)۔

٤٤. عقد الجوهر في الصلاة والسلام على الشفيع المشفع في يوم المحشر ﷺ، لمحمد معروف بن مصطفى بن أحمد النودهي البرزنجي الشافعي (م١٢٥٤هـ)۔

٤٥. القول المرضي في الفرق بين الصلاة والسلام والترضي، لمحمد معروف بن مصطفى بن أحمد النودهي البرزنجي الشافعي (م ١٢٥٤هـ)۔

٤٦. كشف الأسف في الصلاة والسلام على سيد أهل الشرف، لمحمد معروف بن مصطفى بن أحمد النودهي البرزنجي الشافعي (م ١٢٥٤هـ)۔

٤٧. كشف الغمّة في الصلاة على خير الأمة ﷺ، لمحمد بن أحمد الموسوم (م١٣٠٠ھ)۔

٤٨. سعادة الدارين في الصلاة على سيد الكونين ﷺ، للعلامة محمد يوسف بن إسماعيل النبهاني (م١٣٥٠ھ)۔

٤٩. الصلوات الألفية في الكمالات المحمدية ﷺ، للعلامة محمد يوسف بن إسماعيل النبهاني (م١٣٥٠ھ)۔

٥٠. أفضل الصلوات على سيد السادات ﷺ، للعلامة محمد يوسف بن إسماعيل النبهاني (م١٣٥٠ھ)۔

٥١. صلوات الثناء على سيد الأنبياء ﷺ، للعلامة محمد يوسف بن إسماعيل النبهاني (م١٣٥٠ھ)۔

اِس کے علاوہ بھی دنیاے عرب وعجم میں صلاۃ وسلام سے متعلق بے شمار کتب لکھی گئیں جن سب کا تذکرہ اس مختصر مقدمہ میں ممکن نہیں۔ ان میں سے اہم کتب کی کئی کئی شروحات بھی لکھی گئیں۔ مثلاً دلائل الخیرات ہی کو لیں تو اس کی شروحات میں محمد المہدی الفاسی مالکی کی مطالع المسرات بجلاء دلائل الخیرات، شیخ سلیمان الجمل الشافعی کی المنح الإلهيات في شرح دلائل الخيرات اور شیخ حسن العدوی المالکی کی أفضل الصلوات على سيد السادات جیسی معروف شروح کے نام آتے ہیں۔

دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ

زیرِ مطالعہ کتاب 'دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ' اس موضوع پر لکھی جانے والی کتب کا ہی تسلسل ہے۔ اس میں شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری دامت برکاتھم نے حبیبِ خدا، تاجدارِ کائنات، رحمۃ للعالمین حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں اپنی محبت کا نذرانہ پیش کیا ہے جس کی بارگاہِ ناز

کا درود گذار خود خدا بھی ہے اور اس کے فرشتے بھی۔

آج جب اُمتِ مسلمہ بارگاہِ مصطفیٰ ﷺ سے دوری کا کثیر الجہتی عذاب جھیل رہی ہے، اطاعت وعشقِ رسول ﷺ کے روح پرور جذبات ماند پڑتے جا رہے ہیں، ذاتِ مصطفیٰ ﷺ - جو کہ اُمتِ مسلمہ کی توجہات کا مرکز ومحور اور نکتہ اتحاد تھی - کو وجہ نزاع بنانے کی سازشیں ہو رہی ہیں۔ ان حالات میں شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہرالقادری نے درود وسلام کے ترانوں سے امت کے دلوں کی ویران بستیوں کو سرسبز وشاداب کرنے کا بیڑا اٹھایا اور 'دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ' کی صورت میں مختلف صیغوں اور اسالیب سے آقا علیہ الصلوۃ والسلام پر درود وسلام بھیجنے کی سُنتِ اَسلاف کو پھر سے زندہ کیا۔ آقاے دوجہاں ﷺ کی بارگاہ میں درود وسلام کا یہ دل نشین انداز اپنے اندر نہ صرف عاشقانہ تڑپ، شاعرانہ اثر انگیزی اور دل برانہ کیف وسرور لیے ہوئے ہے بلکہ علم ومعرفت کا ایک نیا جہان بھی آباد کرتا ہے۔

ذیل میں اس کتاب میں تسلسل سے آنے والے درود وسلام کے چند اَوزان پیش کیے جا رہے ہیں جن سے اس کتاب کے مقام ومرتبہ کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے:

١. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَضْرَةِ كُلِّ رَوْحٍ وَّ رَيْحَانٍ يَا رَحْمٰنُ.

٢. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طَاهِرِ السِّيْرَةِ مُطَيَّبِ الشِّيَمِ يَا رَافِعَ الْهِمَمِ.

٣. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِيْ هُوَ أَزْكَى الْخَلِيْقَةِ نَفْسًا.

٤. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِي هُوَ الْبَدْرُ فِي صَفَآءِ الْخِصَالِ.

٥. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِي هُوَ الطُّهْرُ وَالطَّاهِرُ وَالْمُطَهَّرُ.

٦. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِي كَانَ كَفُّهُ أَلْيَنَ مِنَ الدِّيْبَاجِ.

٧. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِي هُوَ رَاحَةُ أَرْوَاحِ الْعَاشِقِيْنَ.

٨. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالطَّبِيْبِ اللَّبِيْبِ.

٩. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِي أَكْمَلْتَ لَهُ الْبِشَارَةَ وَّالنِّذَارَةَ.

١٠. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُسْتَوْدَعِ لُطْفِ الرَّحْمَانِ.

١١. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِي إِيْوَانُ كِسْرٰى وَشُرُفَاتُهُ بِرِفْعَتِهِ تَنَاثَرَتْ.

١٢. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِي اسْمُهُ مَنْقُوْشٌ عَلٰى أَوْرَاقِ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى.

١٣. اَلصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى آلِكَ وَصَحْبِكَ يَافَرْحَةَ الْمُرَاقَبَاتِ.

١٤. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ** عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ صُفُوْفِ الْمَلَائِكَةِ أَجْمَعِيْنَ.

١٥. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ** عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ مَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ.

١٦. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ** عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ.

١٧. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ** عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ مَعَ الشَّمْسِ إِذَا أَشْرَقَتْ.

١٨. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ** عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ مَعَ كَمَالِكَ الْعَظِيْمِ وَبَهَائِكَ الْكَرِيْمِ.

١٩. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ** عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُسَلِّمُنَا بِهَا مِنَ الْعُيُوبِ وَالْعَاهَاتِ.

٢٠. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ** عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَادَامَتِ الْوِلَايَةُ وَالْهِدَايَةُ.

٢١. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ** عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالشَّمْسِ الطَّالِعِ.

٢٢. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ** عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

نِ الْمَبْعُوثِ رَحْمَةً لِكُلِّ الْأُمَمِ.

٢٣. اَلصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى آلِكَ وَصَحْبِكَ يَا سَيِّدَ الْأَوَّلِيْنَ.

٢٤. اَلصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى آلِكَ وَصَحْبِكَ يَا أَزْهَدَ الزَّاهِدِيْنَ.

٢٥. الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى آلِكَ وَصَحْبِكَ يَا نَبِيَّ الْحَرَمَيْنِ.

٢٦. يَا رَبِّ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى
مَا دَامَ وَجْهُكَ بَاقِيًا يَا ذَا الْعُلَا

اِسی طرح دیگر بہت سے صیغوں اور اَسالیب کے ساتھ چالیس منازِل میں منقسم 'دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ' اپنے دامن میں اڑھائی ہزار کے قریب درود پاک کے جواہر سمیٹے ہوئے ہے۔ اِس کتاب کو دس بڑے اَحزاب میں تقسیم کیا گیا ہے، روزانہ ایک حزب کی تلاوت کی جائے تو پوری کتاب ایک عشرے (دس دن) میں مکمل ہوگی اور یوں ایک مہینے میں تین بار اِس کا ختم پاک ہوگا۔ تاہم حضور نبی اکرم علیہ الصلاۃ والسلام کی غارِ حرا میں خلوت نشینی، کوہِ طور پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قیام، صدیوں پر محیط اَکابر اَولیاء کرام وصلحاے اُمت کے معمولات کی مناسبت اور سالک کی سہولت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اِس کی چالیس ذیلی اَحزاب میں تقسیم کی گئی ہے جسے چالیس منزلیں بھی کہا جاسکتا ہے۔ یعنی ہر حزب کی چار منزلیں بنا دی گئی ہیں اور ہر منزل ٦٠ سے ٦٥ درودوں پر مشتمل ہے۔

حضرت شیخ الاسلام دامت برکاتھم نے یہ کتاب اِبتداءً عربی زبان میں مرتب فرمائی تھی۔ اِس کی قبولیت اور مقبولیت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ مختصر عرصے میں اس کے کئی ایڈیشن طبع ہو چکے ہیں۔ اِس کتاب کو صرف بطور وظیفہ ہی نہیں پڑھا گیا بلکہ عرب دنیا کے شیوخ و محققین اور علماء کرام میں بھی اِسے بہت پذیرائی ملی ہے۔ یہ کتاب عربی زبان و ادب اور بلاغت و سلاست کا عظیم مرقع بھی ہے اور محبت و عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لبریز خزانہ بھی۔

اُردو دان قارئین کے بہتر استفادہ کے لیے اب 'دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ' مع اُردو ترجمہ پیش خدمت ہے، تاہم اس کا عربی متن الگ بھی شائع ہوتا رہے گا۔

تحریکِ منہاجُ القرآن ایک رسول نما تحریک ہے جس نے ہمیشہ ربطِ رِسالت کی بحالی و پختگی پر زور دیا ہے۔ اِس کے بانی قائد شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری دامت برکاتھم نے اِسی تعلق کو مضبوط کرنے کے لیے 'دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ' تحریر فرمائی۔ علاوہ ازیں آپ نے کئی دیگر درود بھی تحریر فرمائے ہیں، مثلاً ۲۰۰۶ء میں یمن کے دورہ سے قبل آپ نے درود پاک کے درج ذیل چھ کتابچے عربی زبان میں تحریر فرمائے:

١. صَلَاةُ الْأَكْوَان (درودِ کائنات)
٢. صَلَاةُ الْمِيْلَاد (درودِ میلاد)
٣. صَلَاةُ الْفَضَائِل (درودِ فضائل)
٤. صَلَاةُ الشَّمَائِل (درودِ شمائل)
٥. صَلَاةُ الْمِعْرَاج (درودِ معراج)
٦. صَلَاةُ السِّيَادَة (درودِ سیادت)

بفضلہٖ و بتوفیقہٖ تعالیٰ مذکورہ بالا چھ کتابچوں کا پہلا پورا پورا ایڈیشن اُسی دورۂ یمن میں ہی تقسیم ہوگیا تھا۔ نیز یہ تمام درود دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ میں بھی شامل کر دیے گئے ہیں۔ اِس کے علاوہ ۲۰۰۷ء میں میلاد پاک کے موقع پر آپ نے درود پاک پر درج ذیل دو کتب عربی زبان میں تحریر فرمائیں:

١. أَحْسَنُ الْمَوْرِدِ فِي صَلٰوةِ الْمَوْلِدِ

اِس میں میلاد پاک کی مناسبت سے درود پاک تحریر کیے گئے ہیں۔

٢. صَلَوَاتُ سُوَرِ الْقُرْآنِ عَلٰى سَيِّدِ وَلَدِ عَدْنَانَ ﷺ

اِس میں حضور نبی اکرم ﷺ کی عمر مبارک کی مناسبت سے ۶۳ درود تحریر کیے گئے ہیں، جن میں قرآن حکیم کی ایک سو چودہ سورتوں کے نام ذکر کیے گئے ہیں۔

درج بالا کے علاوہ بھی آپ کے تحریر کردہ درود پاک کے کئی کتابچے تاحال غیر مطبوعہ ہیں۔

حضرت شیخ الاسلام دامت برکاتھم نے ربطِ رِسالت کی بحالی اور مضبوطی کے لیے اُمتِ مرحومہ کو حدیث مبارکہ اور سیرت و فضائلِ نبوی ﷺ پر ایک سو سے زائد کتب کی فراہمی اور درود پاک پر تقریباً ایک درجن کتب تالیف کرنے پر ہی اکتفا ہی نہیں کیا بلکہ درود پاک کی اِشاعت اور اِسے عام کرنے میں ایک تاریخی اور بے مثل قدم اٹھاتے ہوئے تحریکِ منہاجُ القرآن کے مرکزی سیکرٹریٹ واقع ماڈل ٹاؤن لاہور میں دسمبر ۲۰۰۵ء میں گوشہ درود قائم کیا ہے جہاں روزہ دار عاشقانِ رسول دن رات لگاتار درود پاک پڑھنے میں مصروف رہتے ہیں۔ گوشہ درود کے لیے کروڑوں روپے کی لاگت سے ایک عظیم الشان عمارت بھی تعمیر کی گئی ہے۔ گوشہ درود میں آنے والے گوشہ نشین آٹھ آٹھ گھنٹوں کی شفٹوں میں چوبیس گھنٹے درود پاک کا وِرد کرتے ہیں اور تحریکِ منہاجُ القرآن کا مرکز اِن عاشقانِ رسول کی میزبانی کا شرف حاصل کرتا ہے۔ تحریکِ منہاجُ القرآن کے تحت مرکزی گوشہ درود کی طرز پر پاکستان سمیت پوری دنیا میں تحریکِ منہاجُ القرآن کے مراکز و دفاتر اور اس کے وابستگان و رُفقاء و اراکین کے گھروں/ دکانوں/ دفاتر میں بھی گوشہ ہاے درود قائم کیے جارہے ہیں اور ان میں ہفتہ وار/ روزانہ کی بنیادوں پر باجماعت درود پاک کا وِرد کیا جاتا ہے۔ ہر عیسوی ماہ کی پہلی جمعرات بعد اَز نمازِ عشاء تحریکِ منہاجُ القرآن کے مرکزی سیکرٹریٹ پر ماہانہ مجلس ختم الصلوۃ علی النبی ﷺ کا اہتمام کیا جاتا ہے، جس میں پورے مہینے میں پڑھا جانے والا درود وسلام بارگاہِ رِسالت مآب ﷺ میں ہدیہ کیا جاتا ہے۔[1]

قارئین کرام! 'دَلَائِلُ الْبَرَکَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ' کے وظیفہ سے جہاں سالک کو حضور نبی اکرم ﷺ کی محبت اور نسبت نصیب ہوگی وہاں قلب و روح میں آپ ﷺ کا ادب اور تعظیم بھی پیدا ہوگی اور آداب کا لحاظ رکھتے ہوئے بلاناغہ، ذوق و شوق سے، اس وظیفہ کا معمول بنائے رکھنے سے حضور نبی اکرم ﷺ کی زیارت کا شرف بھی نصیب ہوگا۔

آخر میں اُن اَحباب کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے جو 'دَلَائِلُ الْبَرَکَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ' کے اُردو ترجمہ کی تیاری میں شریک رہے۔ ان میں سرفہرست پروفیسر محمد نصر اللہ معینی ہیں

---

(۱) گوشہ درود سے متعلقہ تمام تفصیلات کے لیے ویب سائٹ www.gosha-e-durood.com ملاحظہ فرمائیں۔

جنہوں نے 'دَلَائِلُ الْبَرَكَات' کے عربی متن کی رُوح کے مطابق نہایت دِقتِ نظری سے اُردو ترجمہ کی اَدب و سلاست کے لحاظ سے نظرِ ثانی کی۔ ان کے علاوہ فیض اللہ بغدادی اور سید حیدر علی بخاری نے اُردو ترجمے کی بہتری کے لیے گراں قدر آراء دیں اور اس کی پروف خوانی بھی کی۔ نیز اَجمل علی مجدّدی کا ذکر ترک کر دینا مناسب نہ ہوگا کیوں کہ انہوں نے 'دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ' کے عربی ایڈیشن میں براہِ راست حضرت شیخ الاسلام دامت برکاتھم کی زیرِ سرپرستی اِس کی پروف خوانی کی تھی۔

دعا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کتاب کو قارئین کے لیے بارگاہِ نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تعلق کے اِستحکام اور نسبتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حصول کا ذریعہ بنائے۔ (آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم!)

(ڈاکٹر ظہور اللہ الازہری)

ایسوسی ایٹ پروفیسر (شعبہ علوم اِسلامیہ)، منہاج یونی ورسٹی لاہور

رِیسرچ اسکالر، فریدِ ملّت رحمۃ اللہ علیہ رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ

’دَلَائِلُ الْبَرَکَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ‘ پڑھنے کا طریقہ

۞ ’دَلَائِلُ الْبَرَکَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ‘ کو دس بڑے اَحزاب میں تقسیم کیا گیا ہے، روزانہ ایک حزب کی تلاوت کی جائے تو ایک عشرے میں مکمل ہوگی۔ لیکن سہولت کی غرض سے ہر حزب کی ذیلی تقسیم کرتے ہوئے چار چار منزلیں بھی بنائی گئی ہیں۔ یعنی کل چالیس منزلیں ہیں تاکہ چالیس دنوں کے چلہ میں اس کا ختم پاک کیا جا سکے۔

۞ ’دَلَائِلُ الْبَرَکَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ‘ کا وظیفہ شروع کرنے والا ہر اِسلامی مہینے کی پہلی تاریخ سے، تہجد، فجر، مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد یا حسبِ سہولت کسی بھی وقت اس کا آغاز کرسکتا ہے۔ بہتر ہے وظیفے کے آغاز سے قبل تازہ وضو کرے، صاف ستھرے کپڑے پہنے اور خوشبو لگا کر نماز ادا کرے۔ اس کے بعد قبلہ رُخ رہتے ہوئے آنکھیں بند کر کے مراقبہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کی صورتِ مثالی کا نورانی تصور جمائے۔ اگر یہ تصور قائم نہ ہو سکے تو قبرِ انور یا جالی مبارک کا تصور جمالے اور اُسی کا مراقبہ کرے۔

وظیفہ شروع کرنے سے قبل درج ذیل کی ایک بار تلاوت کریں:

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ○[1]

’’بے شک تمہارے پاس تم میں سے (ایک باعظمت) رسول (ﷺ) تشریف لائے۔ تمہارا

(۱) التوبة، ۹: ۱۲۸

تکلیف و مشقت میں پڑنا ان پر سخت گراں (گزرتا) ہے۔ (اے لوگو!) وہ تمہارے لیے (بھلائی اور ہدایت کے) بڑے طالب و آرزومند رہتے ہیں (اور) مومنوں کے لیے نہایت (ہی) شفیق بے حد رحم فرمانے والے ہیںo''

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَسَلَّمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

''اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد اور ﷺ آپ ﷺ کی آلِ پاک پر درود و سلام اور برکت نازل فرما، جس طرح تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آپ علیہ السلام کی آل پاک پر درود و سلام اور برکت نازل فرمائی، بے شک تو بہت زیادہ تعریف کیا ہوا اور بزرگی والا ہے۔''

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الْعَرَبِيِّ الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ الْأَبْطَحِيِّ التَّهَامِيِّ الْمَكِّيِّ الْمَدَنِيِّ الْعَدَنِيِّ، عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وحَبِيْبِكَ، السَّيِّدِ الصَّفِيِّ الْكَامِلِ الْفَاتِحِ الْخَاتَمِ الْوَاصِلِ صَاحِبِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَالْمَشْعَرِالْحَرَامِ، صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ، صَاحِبِ الشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰى وَالْوَسِيْلَةِ الْعُظْمٰى، صَاحِبِ الْمَكَانَةِ الْعُلْيَا وَالْمَنْزِلَةِ الزُّلْفٰى وَقَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى، السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهُ وَلِلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهُ، صَاحِبِ لِسَانِ الْقِدَمِ وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِكَمِ مَظْهَرِ سِرِّ الْوُجُوْدِ، مَعْدَنِ الْإِحْسَانِ وَالْجُوْدِ، حَبِيْبِ الرَّبِّ الْمَعْبُوْدِ، النُّوْرِ الْبَهِيِّ وَالدُّرِّ النَّقِيِّ، الْمِصْبَاحِ الْقَوِيِّ وَالْعَرِيْشِ السَّقِيِّ، خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ، حَبِيْبِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْأَرْضِيْنَ،

غَيَاثِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَشَفِيْعِ الْخَلَائِقِ أَجْمَعِيْنَ، وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَأَوْلَادِهٖ وَأَزْوَاجِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ وَأَصْهَارِهٖ وَأَنْصَارِهٖ وَأَشْيَاعِهٖ وأَتْبَاعِهٖ صَلَاةً طَيِّبَةً مُبَارَكَةً بَاقِيَةً وَسَلَامًا مُسْتَمِرَّةَ الدَّوَامِ عَلٰى مَرِّ اللَّيَالِي وَالْأَيَّامِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ.

''اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ، جو نبیِ اُمّی، عربی، قریشی، ہاشمی، اَبطحی، تہامی، مکی، مدنی اور بنو عدنان کے چشم و چراغ ہیں، تیرے خاص بندے، رسول اور تیرے حبیب ہیں، سردار، چنیدہ، کامل اور کامیاب و کامران ہیں، انبیاء علیہم السلام کے خاتم، بندوں کو حق سے ملانے والے، صفا و مروہ اور مشعرِ حرام والے، مقام محمود اور حوض کوثر والے، شفاعت کبریٰ اور وسیلہ عظمیٰ والے، عظیم مقام و مرتبہ، قرب کی منزلت اور قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى کے عظیم مقامات والے ہیں، جن کا نور خلق میں سب پر فائق اور جن کا ظہور تمام جہانوں کے لیے رحمت ہے، جو صاحب ''لسانِ قدم'' اور منبع علم و حکمت ہیں، جو رازِ کون و مکان کا مظہر، احسان و سخاوت کی کان اور لائقِ عبادت ربّ کے حبیب ہیں، جو تابناک نور، مصفّیٰ موتی ہیں اور طاقت ور چراغ ہیں، تمام انبیاء علیہم السلام کے خاتم اور تمام جہانوں کے لیے رحمت ہیں، سات آسمانوں اور زمینوں کے ربّ کے محبوب، تمام موجودات کے مددگار اور تمام مخلوقات کی شفاعت فرمانے والے ہیں، آپ ﷺ پر، آپ ﷺ کی آلِ پاک، صحابہ کرام، آپ ﷺ کی ازواج مطہرات، اولادِ اطہار، آپ ﷺ کے نسبتی قرابت داروں، مددگاروں، آپ ﷺ کی جماعت اور اتباع میں آنے والوں پر صلاۃ نازل فرما، ایسی پاکیزہ اور مبارک صلاۃ جو ہمیشہ باقی رہنے والی ہو، اور ایسا سلام جو رات اور دن کے دوام تک جاری رہے۔ اے بزرگ و برتر اور عظمتوں کے مالک!''

۱. بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ○(١)

''بے شک اللہ نے مسلمانوں پر بڑا احسان فرمایا کہ ان میں انہی میں سے (عظمت والا) رسول (ﷺ) بھیجا جو ان پر اس کی آیتیں پڑھتا اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے اگرچہ وہ لوگ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے○''

٢. وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ○(٢)

''اور بیشک ہم نے آپ کو بار بار دہرائی جانے والی سات آیتیں (یعنی سورۂ فاتحہ) اور بڑی عظمت والا قرآن عطا فرمایا ہے○''

٣. وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِيْنَ○ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ○ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ○(٣)

''بے شک اس (قرآن) میں عبادت گزاروں کے لیے (حصولِ مقصد کی) کفایت و ضمانت ہے○ اور (اے رسولِ محتشم!) ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر○ فرما دیجئے کہ میری طرف تو یہی وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود فقط ایک (ہی) معبود ہے تو کیا تم اسلام قبول کرتے ہو؟○''

---

(١) آل عمران، ٣: ١٦٤

(٢) الحجر، ١٥: ٨٧

(٣) الأنبياء، ٢١: ١٠٦-١٠٨

٤. وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ○ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ○ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ○ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ○(۱)

''اور بے شک یہ (قرآن) سارے جہانوں کے رب کا نازل کردہ ہے○ اسے روح الامین (جبرائیل علیہ السلام) لے کر اترا ہے○ آپ کے قلبِ (انور) پر تاکہ آپ (نافرمانوں کو) ڈر سنانے والوں میں سے ہو جائیں○ (اس کا نزول) فصیح عربی زبان میں (ہوا) ہے○''

٥. وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

يٰس ○ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ○ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ○(۲)

''یا سین (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)○ حکمت سے معمور قرآن کی قسم○ بے شک آپ ضرور رسولوں میں سے ہیں○''

٦. وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ○ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ○ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ○ وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ○(۳)

''نون (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں) قلم کی قسم اور اُس (مضمون) کی قسم جو (فرشتے) لکھتے ہیں○ (اے حبیبِ مکرّم!) آپ اپنے رب کے فضل سے (ہرگز) دیوانے نہیں ہیں○ اور بے شک آپ کے لیے ایسا اَجر ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا○ اور بے شک آپ عظیم

---

(۱) الشعراء، ٢٦: ١٩٢-١٩٥

(۲) يٰسٓ، ٣٦: ١-٣

(۳) سورة القلم، ٦٨: ١-٤

الشان خلق پر قائم ہیں (یعنی آدابِ قرآنی سے مزّین اور اَخلاقِ اِلٰہیہ سے متّصف ہیں)o‘‘

٧. وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo

وَالضُّحٰىo وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰىo مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى o وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى o وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى o(١)

’’قَسم ہے وقت چاشت (کی طرح آپ کے آفتابِ رِسالت کے بلند ہونے) کی (جس کے نور نے گمراہی کے اندھیروں کو اجالے سے بدل دیا)o (اے حبیبِ مکرّم!) قَسم ہے سیاہ رات کی (طرح آپ کی زلفِ عنبریں کی) جب وہ (آپ کے رُخِ زیبا یا شانوں پر) چھا جائےo آپ کے رب نے (جب سے آپ کو منتخب فرمایا ہے) آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ ہی (جب سے آپ کو محبوب بنایا ہے) ناراض ہوا ہےo اور بے شک (ہر) بعد کی گھڑی آپ کے لیے پہلی سے بہتر (یعنی باعثِ عظمت و رفعت) ہےo اور آپ کا رب عنقریب آپ کو (اتنا کچھ) عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گےo‘‘

٨. وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ o فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَر o اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُo(٢)

’’بے شک ہم نے آپ کو (ہر خیر وفضیلت میں) بے انتہا کثرت بخشی ہےo پس آپ اپنے رب کے لیے نماز پڑھا کریں اور قربانی دیا کریں (یہ ہدیۂ تشکّر ہے)o بے شک آپ کا دشمن ہی بے نسل اور بے نام ونشاں ہوگاo‘‘

٩. وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِo

---

(١) الضحی، ٩٣: ١-٥ (٢) الکوثر، ١٠٨: ١-٣

كٓهٰيٰعٓصٓ ○ ذِكْرُ رَحْمَةِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ○ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ○ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّ لَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ○[1]

''کاف، ہا، یا، عین، صاد (حقیقی معنی اللہ اور رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں)○ کہ آپ کے رب کی رحمت کا ذکر ہے (جو اس نے) اپنے (برگزیدہ) بندے زکریا (علیہ السلام) پر (فرمائی تھی)○ جب انہوں نے اپنے رب کو (ادب بھری) دبی آواز سے پکارا○ عرض کیا: اے میرے رب! میرے جسم کی ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور بڑھاپے کے باعث سر آگ کے شعلہ کی مانند سفید ہوگیا ہے اور اے میرے رب! میں تجھ سے مانگ کر کبھی محروم نہیں رہا○''

اِس کے بعد متعلقہ دن کے حزب/ منزل کا وظیفہ کریں اور آخر میں اِس درود پاک اور دُعا کے ساتھ اِختتام کریں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الصَّلٰوةِ شَيْءٌ وَّارْحَمْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا وَّآلَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الرَّحْمَةِ شَيْءٌ وَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الْبَرَكَةِ شَيْءٌ وَّسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ السَّلَامِ شَيْءٌ.

''اے اللہ: ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ اور آپ کی آل پاک پر اس قدر درود بھیج کہ سلسلۂ درود کی انتہا ہو جائے، اور ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ اور آپ کی آل پاک پر اس قدر رحمت نازل فرما کہ سلسلۂ نزول رحمت کی انتہا ہوجائے، اور ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ اور آپ کی آل پاک پر اتنی برکت نازل فرما کہ سلسلۂ نزول برکت کی انتہا ہوجائے، اور ہمارے آقا

(۱) مریم، ۱۹: ٤

حضرت محمد ﷺ اور آپ کی آل پاک پر اس قدر سلام نازل فرما کہ سلسلۂ سلام کی انتہا ہوجائے۔‘‘

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِي بِرُؤْيَةِ حَبِيْبِكَ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى وَاهْدِنِي إِلَى طَاعَتِهِ وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِي عَلٰى خِدْمَتِهِ وَثَبِّتْ قَلْبِي عَلٰى مَحَبَّتِهِ وَوَفِّقْ رُوْحِي مِنْ نِسْبَتِهِ وَحَقِّقْ سِرِّي فِي حَضْرَتِهِ وَانْفَعْنِي مِنْ مَعْرِفَتِهِ وَاسْقِنِي بِكَاْسَةِ قُرْبِهِ وَلَذِّذْنِي بِزِيَارَتِهِ وَوَصْلِهِ وَأَحْيِنِي عَلَى سُنَّتِهِ وَطَرِيْقَتِهِ وَتَوَفَّنِي عَلٰى شَفَاعَتِهِ وَمِلَّتِهِ وَاحْشُرْنِي فِي حِزْبِهِ وَزُمْرَتِهِ.

آمِيْن يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ.

’’اے اللہ! مجھے اپنے حبیب مکرّم نبیِ مصطفیٰ ﷺ کی زیارت عطا فرما، اور مجھے ان کی اطاعت کی توفیق عطا فرما، اور میرا بدن ان کی خدمت میں صرف کر دے اور میرے دل کو ان کی محبت پر ثابت قدم رکھ، اور میری روح کو ان کی نسبت کی توفیق عطا فرما، اور مجھے آپ ﷺ کی معرفت سے نفع عطا فرما، اور مجھے آپ کے قرب کے مبارک کے پیالے سے سیراب فرما، اور مجھے آپ ﷺ کی زیارت اور آپ ﷺ کے وصال کی لذت عطا فرما، اور مجھے آپ ﷺ کی سنت اور آپ ﷺ کے راستے پر زندہ رکھ، اور مجھے آپ کی شفاعت اور آپ کی ملّت پر موت عطا فرما، اور میرا حشر آپ کے گروہ اور آپ کی جماعت کے ساتھ فرما۔

’’اے تمام جہانوں کے رب! میری عرض قبول فرما۔‘‘

۞ اِس وظیفہ کو نہایت محبت، ادب، اَخلاص اور اِنہماک سے جاری رکھیں۔ اِن شاء اللہ عزّوجلّ نسبتِ محمدی ﷺ اور زیارتِ نبوی ﷺ کی خیرات نصیب ہوگی اور کثیر روحانی فیوضات، توجہات اور برکات عطا ہوں گی۔ مزید روحانی بالیدگی اور نسبت کی پختگی کے لیے ہماری کتاب ’اَلْفُيُوْضَاتُ الْمُحَمَّدِيَّة‘ میں مذکور ’’نسبتِ محمدی ﷺ کی پختگی کے وظائف‘‘ سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

اَلْحِزْبُ الْأَوَّلُ لِلْيَوْمِ الْأَوَّلِ

﴿صَلَوَاتُ الْأَسْمَاءِ الْإِلٰهِيَّةِ وَالْفَضَائِلِ النَّبَوِيَّةِ﴾

عشرے کا پہلا حزب:

﴿درود ہائے اَسمائے الٰہیہ و فضائلِ نبوی ﷺ﴾

(ذیلی منزلیں: ۱ تا ٤)

ایک عشرے (دس دن) میں 'دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ فِي التَّحِيَّاتِ وَالصَّلَوَاتِ' کا وظیفہ کرنے والا پہلے روز اِس مکمل حزب کی تلاوت کرے۔ چالیس دنوں میں 'دَلَائِلُ الْبَرَكَاتِ' کو ختم کرنے والا اِس حزب کی ذیلی چار منزلوں کو چار روز (پہلے، دوسرے، تیسرے اور چوتھے دن) میں تلاوت کرے۔ ہر روز تلاوت کرنے سے قبل اور بعد میں صفحہ نمبر ۵۳ تا ٦۰ پر بیان کیے گئے طریقے کے مطابق آیات و دعائیں ضرور پڑھی جائیں۔

اَلْمَنْزِلُ الْأَوَّلُ (پہلی منزل)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

١. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُصْطَفٰى حَبِيْبِ اللّٰهِ يَا رَبُّ يَا اَللّٰهُ.**

''اے اللہ! اے ربّ! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ پر جو اللہ تعالیٰ کے حبیب ہیں۔''

٢. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَضْرَةِ كُلِّ رَوْحٍ وَّ رَيْحَانٍ يَا رَحْمٰنُ.**

''اے اللہ! اے رحمٰن! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ہر روح اور ہر گُل کی تازگی ہیں۔''

٣. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْوَجِيْهِ ذِي الْمَنْظَرِ الْوَسِيْمِ يَا رَحِيْمُ.**

''اے اللہ! اے رحیم! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پیکرِ جمال پر جو حسین روپ میں دکھائی دینے والے ہیں۔''

٤. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَوْلٰى كُلِّ سَائِلٍ وَّسَالِكٍ يَا مَالِكُ.**

''اے اللہ! اے مالک! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ہر (شریعت

سے متعلق) سوال کرنے والے اور طریقت کی راہ پر چلنے والے کے آقا ہیں۔''

٥. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْأَقْدَسِ أَنْفَسِ النُّفُوْسِ يَا قُدُّوْسُ

''اے اللہ! اے ہر عیب سے پاک ذات! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو سب سے پاکیزہ اور سب نفیسوں سے زیادہ نفیس ہیں۔''

٦. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي لَهُ بَهَاءٌ وَّعِزَّةٌ لَا تُرَامُ يَا سَلَامُ.

''اے اللہ! اے سلامتی عطا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کا حسن و جمال اور عزت اتنی ہے کہ اس (کے حصول) کا ارادہ بھی نہیں کیا جا سکتا۔''

٧. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِي الْحِكْمَةِ وَالْفَهْمِ وَالْفَطِنِ يَا مُؤْمِنُ.

''اے اللہ! اے امان عطا فرمانے والے! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو صاحب حکمت، صاحب فہم اور صاحب فطانت ہیں۔''

٨. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي اسْمُهُ بِاسْمِكَ فِي الْحَمْدِ مُقْتَرِنٌ يَا مُهَيْمِنُ.

''اے اللہ! اے نگہبان! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کا نام حمد میں تیرے نام کے ساتھ ملا ہوا ہے۔''

٩. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي ذِكْرُهُ أَلَذُّ مِنْ كُلِّ لَذِيْذٍ يَا عَزِيْزُ.

’’اے اللہ! اے غلبہ والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کا نام ہر لذیذ شئے سے زیادہ پرلطف ہے۔‘‘

١٠. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي هُوَ عَلٰى كُلِّ خَلْقٍ وَأَمْرٍ مُخْتَارٌ يَا جَبَّارُ.**

’’اے اللہ! اے سب سے زبردست! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو تمام مخلوقات اور معاملات میں صاحبِ اختیار ہیں۔‘‘

١١. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي الْكَوْنُ بِهِ سَاطِعٌ مُتَعَطِّرٌ يَا مُتَكَبِّرُ.**

’’اے اللہ! اے بڑائی والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کے وجودِ انور سے یہ کائنات روشن و معطّر ہے۔‘‘

١٢. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي أَقْسَمْتَ بِاسْمِهِ الْكَرِيْمِ يَا نَعِيْمُ.**

’’اے اللہ! اے صاحب نعمت! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کے اسمِ گرامی کی تو نے قسم کھائی ہے۔‘‘

١٣. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُقِيْلِ الْعَثَرَاتِ يَا بَارِئَ الْبَرَكَاتِ.**

’’اے اللہ! اے برکات کو پیدا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو لغزشوں سے درگزر فرمانے والے ہیں۔‘‘

١٤. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَلِيْلِ الْخَيْرَاتِ يَا بَارِئَ**

الْحَسَنَاتِ.

’’اے اللہ! اے حسنات کو پیدا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو نیکیوں کی طرف رہنمائی فرمانے والے ہیں۔‘‘

١٥. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِي أَتَى بِدِيْنٍ كَالصَّبَاحِ الْمُسْفِرِ يَا مُصَوِّرُ.

’’اے اللہ! اے صورت بنانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو روشن صبح جیسا دین لے کر آئے۔‘‘

١٦. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِي أَتَى الْمُلُوْكُ إِلَيْهِ بِالذُّلِّ وَالْإِنْكِسَارِ يَا غَفَّارُ.

’’اے اللہ! اے معافی عطا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کی بارگاہ میں بادشاہ عاجزی و انکساری سے حاضر ہوتے ہیں۔‘‘

١٧. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِي الْمَجْدِ وَالْعُلُوِّ قَائِدِ الْأَبْرَارِ يَا قَهَّارُ.

’’اے اللہ! اے سب کو اپنے قابو میں رکھنے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے صاحبِ عظمت ورفعت آقا حضرت محمد پر جو اور نیکوکاروں کے قائد ہیں۔‘‘

١٨. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَاسِمِ السَّلْسَبِيْلِ بِالْأَكْوَابِ يَا وَهَّابُ.

’’اے اللہ! اے عطا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو

چشمۂ سلسبیل سے پیالے بھر بھر کر تقسیم فرمانے والے ہیں۔‘‘

١٩. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْغَيْثِ يَوْمَ تُكْشَفُ سَاقٌ يَا رَزَّاقُ.

’’اے اللہ! اے رزق عطا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو رحمت کے بادل ہیں جس دن ساق (یعنی اَحوالِ قیامت کی ہولناک شدت) سے پردہ اٹھایا جائے گا۔‘‘

٢٠. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي تَحْيَ الْقُلُوْبُ بِهِ وَالْأَرْوَاحُ يَا فَتَّاحُ.

’’اے اللہ! اے کھولنے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کے تصدّق سے (مردہ) دل اور ارواح زندہ ہوجاتے ہیں۔‘‘

٢١. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ السَّاقِي الْعُشَّاقِ مِنْ شَرَابٍ قَدِيْمٍ يَا عَلِيْمُ.

’’اے اللہ! اے وسیع علم والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو عشّاق کو شرابِ کہن پلانے والے ہیں۔‘‘

٢٢. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْفَاتِحِ لِكُلِّ مُغْلَقٍ وَغَامِضٍ يَا قَابِضُ.

’’اے اللہ! اے رزق تنگ فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ہر پیچیدہ اور دقیق معاملے کو سلجھانے والے ہیں۔‘‘

٢٣. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ أَوَّلِ دُرَّةٍ مِنْ صَدَفِ الْعَدَمِ

يَا بَاسِطَ النِّعَمِ.

’’اے اللہ! اے نعمتوں کو کشادہ فرمانے والے! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو صدفِ عدم کے پہلے موتی ہیں۔‘‘

٢٤. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُهَذِّبِ لِكُلِّ مَارِدٍ وَرَافِضٍ يَا خَافِضُ.

’’اے اللہ! اے پست فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ہر سرکش اور نافرمان کی اصلاح فرمانے والے ہیں۔‘‘

٢٥. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طَاهِرِ السِّيْرَةِ مُطَيَّبِ الشِّيَمِ يَا رَافِعَ الْهِمَمِ.

’’اے اللہ! اے ہمتوں کو بلند فرمانے والے! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو پاکیزہ سیرت والے اور پاکیزہ مزاج ہیں۔‘‘

٢٦. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي يُفَرِّقُ الْخَيْرَ مِنَ الشَّرِّ وَ يُمَيِّزُ يَا مُعِزُّ.

’’اے اللہ! اے عزت عطا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو خیر کو شر سے ممیّز و ممتاز کرتے ہیں۔‘‘

٢٧. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْعَاصِمِ وَالْمَعْصُوْمِ مِنْ زَلَازِلَ يَا مُذِلُّ.

’’اے اللہ! اے نافرمانوں کو ذلیل و رسوا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے

آقا حضرت محمد پر جو پاکیزہ نفس والے اور ہر خوف سے محفوظ و مامون ہیں۔''

٢٨. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي جَاءَ رَبِيْعًا فِي شَهْرِ الرَّبِيْعِ يَا سَمِيْعُ.**

''اے اللہ! اے سب کچھ سننے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو بہار کے مہینے میں بہار بن کر آئے۔''

٢٩. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي نَزَلَتْ فِي أَهْلِهِ آيَةُ التَّطْهِيْرِ يَا بَصِيْرُ.**

''اے اللہ! اے سب کچھ دیکھنے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کے گھر والوں کی شان میں آیت تطہیر نازل ہوئی۔''

٣٠. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْأَشْرَفِ عَلَى الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ يَا حَكَمُ.**

''اے اللہ! اے فیصلہ فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو عرب و عجم میں سب سے بلند شان والے ہیں۔''

٣١. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ الْجُوْدِ وَالْفَضْلِ وَالْبَذْلِ يَا عَدْلُ.**

''اے اللہ! اے عدل فرمانے والے! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو بحرِ جود و سخا اور قلزمِ فضل و عطا ہیں۔''

٣٢. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّاصِرِ لِكُلِّ جِسْمٍ ضَعِيْفٍ**

يَا لَطِيْفُ.

’’اے اللہ! اے رازوں کے جاننے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ہر کمزور کی مدد فرمانے والے ہیں۔‘‘

٣٣. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُعَظَّمِ بِالتَّعْزِيْرِ وَالتَّوْقِيْرِ يَا خَبِيْرُ.

’’اے اللہ! اے ہر شے کی خبر رکھنے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کی عظمت (قرآن حکیم میں) ’’تعزیر اور توقیر‘‘ کے الفاظ کے ذریعے بیان کی گئی ہے۔‘‘

٣٤. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُكَرَّمِ بِالتَّسْلِيْمِ وَالتَّعْظِيْمِ يَا حَلِيْمُ.

’’اے اللہ! اے حلیم! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو تسلیم ورضا اور بڑائی کی عظمت سے سرفراز کیے گئے ہیں۔‘‘

٣٥. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الشَّافِعِ فِي الْحَشْرِ لِكُلِّ أَثِيْمٍ يَا عَظِيْمُ.

’’اے اللہ! اے عظمت والے! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو حشر میں ہر گناہ گار کی شفاعت فرمانے والے ہیں۔‘‘

٣٦. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي بَدَّلَ لَنَا الْأَحْزَانَ بِالسُّرُوْرِ يَا غَفُوْرُ.

’’اے اللہ! اے غفور! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جنہوں نے ہمارے

غموں کو خوشیوں میں بدل ڈالا۔''

۳۷. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُوْنِسِ لِلْمُحِبِّيْنَ فِي الْقُبُوْرِ يَا شَكُوْرُ.

''اے اللہ! اے شکور! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو اپنے عاشقوں کی قبروں میں بھی غمگساری فرمانے والے ہیں۔''

۳۸. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحَوْضِ وَالشَّرَابِ الْهَنِيِّ يَا عَلِيُّ.

''اے اللہ! اے بلند شان والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو صاحب حوض کوثر اور راحت بخش مشروب والے ہیں۔''

۳۹. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَرْجَعِ لِكُلِّ غَنِيٍّ وَفَقِيْرٍ يَا كَبِيْرُ.

''اے اللہ! اے عظمت والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ہر امیر و غریب کی جائے پناہ ہیں۔''

۴۰. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي لَيْسَ بِفَظٍّ وَلَا بَذِيءِ الْقَلْبِ الْغَلِيْظِ يَا حَفِيْظُ.

''اے اللہ! اے حفاظت فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو نہ تو تُرش گو اور نہ ہی سخت دل والے ہیں۔ (بلکہ پیکر حسنِ خلق ہیں)۔''

۴۱. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي يُطْعَمُ عِنْدَ رَبِّهِ وَ يَبِيْتُ يَا مُقِيْتُ.

''اے اللہ! اے نگہبان! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن (کی یہ شان ہے کہ ان) کو ان کے رب کریم کی طرف سے کھلایا جاتا ہے اور وہ اپنے رب کے ہاں راتیں گزارنے والے ہیں۔''

٤٢. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي لَيْسَ بِكَائِنٍ عَنْ عِلْمِهِ مَغِيْبٌ يَا حَسِيْبُ.**

''اے اللہ! اے ہر چیز کا حساب رکھنے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کے علم سے کوئی چیز مخفی نہیں۔''

٤٣. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَوْصُوْفِ فِي التَّوْرَاةِ وَ الإِنْجِيْلِ يَا جَلِيْلُ.**

''اے اللہ! اے بزرگی والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کی صفات تورات اور انجیل میں بیان کی گئی ہیں۔''

٤٤. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الرَّؤُوْفِ بِالْمُؤْمِنِيْنَ الرَّحِيْمِ يَا كَرِيْمُ.**

''اے اللہ! اے کرم فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو مومنوں کے لیے نہایت ہی شفیق بے حد رحم فرمانے والے ہیں۔''

٤٥. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي عَلَيْهِ تُسَلِّمُ الشَّمْسُ حِيْنَ تَطْلَعُ وَتَغِيْبُ يَا رَقِيْبُ.**

''اے اللہ! اے نگرانی فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر

جن کی بارگاہ میں سورج طلوع وغروب کے وقت سلام عرض کرتا ہے۔‘‘

٤٦. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي إِلَيْهِ كُلُّ ذِي لُبٍّ يُنِيْبُ يَا مُجِيْبُ.**

’’اے اللہ! اے جواب دینے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کی طرف ہر عقلمند رجوع کرتا ہے۔‘‘

٤٧. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْبُرَاقِ وَالْعُلٰى وَالرَّفْرَفِ الْمَمْدُوْدِ يَا وَاسِعَ الْجُوْدِ.**

’’اے اللہ! اے وسیع جود وسخا والے! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو بُراق، بلندیوں اور کشادہ و وسیع پرچم والے ہیں۔‘‘

٤٨. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي الْكَوْنُ لَهُ عَبْدٌ وَالزَّمَانُ خَدِيْمٌ يَا حَكِيْمُ.**

’’اے اللہ! اے حکمت والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر (جن کی شان یہ ہے کہ) کائنات ان کی باندی اور زمانہ ان کا خادم ہے۔‘‘

٤٩. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي بَعَثَهُ اللّٰهُ بِمَقَامٍ مَحْمُوْدٍ يَا وَدُوْدُ.**

’’اے اللہ! اے محبت فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کو اللہ تعالیٰ نے مقامِ محمود پر فائز فرمایا ہے۔‘‘

٥٠. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي فِي الْعِزِّ وَالْفَضْلِ وَحِيْدٌ**

أَحِيْدٌ يَا مَجِيْدُ.

’’اے اللہ! اے بزرگی والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو غلبے اور فضل میں تنہا و یکتا ہیں۔‘‘

٥١. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْأَطْيَبِ وَالْمُفَضَّلِ بِالنِّعَمِ يَا بَاعِثَ الْهِمَمِ.

’’اے اللہ! اے ہمتیں عطا فرمانے والے! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو سب سے پاکیزہ اور نعمتوں سے سرفراز کیے گئے ہیں۔‘‘

٥٢. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُنْعَمِ وَالْمُبَشَّرِ بِالْمَزِيْدِ يَا شَهِيْدُ.

’’اے اللہ! اے ہر جگہ موجود! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو انعام یافتہ اور زیادہ نعمتوں کی بشارت پانے والے ہیں۔‘‘

٥٣. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي سَافَرَ لَيْلًا طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ يَا حَقُّ.

’’اے اللہ! اے حق! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جنہوں نے ایک رات (یعنی شب معراج) میں طبق در طبق سفر کیا۔‘‘

٥٤. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي هُوَ فَوْقَ كُلِّ حَالٍ وَقَالٍ وَقِيْلٍ يَا وَكِيْلُ.

’’اے اللہ! اے کارساز! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ہر حال اور قیل و قال سے بالا ہیں۔‘‘

٥٥. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الدَّاعِي إِلَى الْحَقِّ وَالصِّرَاطِ السَّوِيِّ يَا قَوِيُّ.

''اے اللہ! اے طاقت والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو حق اور سیدھی راہ کی طرف بلانے والے ہیں۔''

٥٦. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَمْدُوْحِ فِي اللَّوْحِ وَالْكِتَابِ الْمُبِيْنِ يَا مَتِيْنُ.

''اے اللہ! اے متین! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کی لوح محفوظ اور کتاب مبین میں مدح وستائش کی گئی ہے۔''

٥٧. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْأَجْوَدِ وَصَاحِبِ الْعَطَاءِ الْوَفِيِّ يَا وَلِيُّ.

''اے اللہ! اے مددگار! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو سب سے زیادہ سخی ہیں اور ایسی کامل عطا سے نوازنے والے ہیں جو کوئی کمی نہیں چھوڑتی۔''

٥٨. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي الْمُلُوْكُ حَوْلَهُ مِثْلُ عَبِيْدٍ يَا حَمِيْدُ.

''اے اللہ! اے تعریف کئے ہوئے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کے گرد بادشاہ غلاموں کی طرح (طواف کرتے) ہیں۔''

٥٩. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي الدَّهْرُ أَضَاءَ بِنُوْرِهِ الْمَشْهُوْدِ يَا مُحْصِيَ الْوُجُوْدِ.

’’اے اللہ! اے ہر موجود جس کے شمار میں ہے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کے نورِ مشہود سے سارا زمانہ جگمگا اٹھا۔‘‘

٦٠. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي طَلَعَ نُوْرًا مِنْ أُمِّ الْقُرٰى يَا مُبْدِئَ الْوَرٰى.**

’’اے اللہ! اے کائنات کو بغیر مثال کے پیدا کرنے والے! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو امّ القریٰ (یعنی مکہ مکرمہ) سے نور بن کر طلوع ہوئے۔‘‘

٦١. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي كُلُّ خَلْقٍ إِيَّاهُ مُرِيْدٌ يَا مُعِيْدُ.**

’’اے اللہ! اے دوبارہ پیدا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر کہ تمام مخلوق جن کی ارادت مند ہے۔‘‘

٦٢. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي يُعْرَضُ عَلَيْهِ كُلَّ وَقْتٍ سَلَامٌ يَا مُحْيِيَ الْأَنَامِ.**

’’اے اللہ! اے تمام مخلوقات کو زندگی عطا فرمانے والے! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کی ذات پر ہر وقت سلام پیش کیا جاتا ہے۔‘‘

اَلْمَنْزِلُ الثَّانِي (دوسری منزل)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

١. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِ الْأَجْمَلِ مِنَ الدُّرَرِ وَاليَوَاقِيْتِ يَا مُمِيْتُ.**

''اے اللہ! اے موت کے مالک! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو موتیوں اور جواہرات سے زیادہ حسین ہیں۔''

٢. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ جَامِعِ الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ فِي الْوَحْيِ يَا حَيُّ.**

''اے اللہ! اے ہمیشہ رہنے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو وحی کے ظاہر اور پوشیدہ (اسرار ومعارف) کو اپنے اندر سمو لینے والے ہیں۔''

٣. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِ الَّذِي وَضَعَ عَنَّا الْأَثْقَالَ وَالْهُمُوْمَ يَا قَيُّوْمُ.**

''اے اللہ! اے ہمیشہ رہنے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جنہوں نے ہم سے گناہوں کے بارِگراں اور غموں کو ساقط فرما دیا۔''

٤. **اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِ الْمُظَلَّلِ بِالْغَمَائِمِ وَالْأَسْتَارِ يَا وَاجِدَ الْأَنْوَارِ.**

''اے اللہ! اے انوار کے مالک! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو

بادلوں اور پردوں کا سایہ پانے والے ہیں۔''

۵. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي سَلَّمَتْ عَلَيْهِ الْأَحْجَارُ وَالْأَشْجَارُ يَا سِرَّ الْأَسْرَارِ.

''اے اللہ! اے تمام رازوں سے مخفی ترین راز! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جنھیں پتھروں اور درختوں نے سلام پیش کیا۔''

٦. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي أَتَى بِخَيْرٍ وَأَشْرَفِ أَدْيَانٍ يَا وَاحِدَ الْوُحْدَانِ.

''اے اللہ! اے بے مثل و یکتا! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو خیر لائے اور سب سے بہتر دین لائے۔''

۷. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْأَمْجَدِ وَاسِعِ الْفَضْلِ إِلَى الْأَبَدِ يَا صَمَدُ.

''اے اللہ! اے بے نیاز! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو سب سے زیادہ بزرگی والے اور ہمیشہ کے لیے وسیع فضل والے ہیں۔''

۸. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي جَاءَ فِي الصَّحْرَاءِ كَالسَّحَابِ الْمَاطِرِ يَا قَادِرُ.

''اے اللہ! اے قدرت والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو صحراء (کفر وظلمت) میں ابرِ باراں بن کر تشریف لائے۔''

۹. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ أَشْرَفِ كُلِّ رُسُلٍ مِنْ غَيْرِ

مُفْتَخِرٍ يَا مُقْتَدِرُ.

’’اے اللہ! اے دائمی اقتدار والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو تمام رسل عظام علیہم السلام سے زیادہ شرف والے مگر اس کے باوجود فخر نہ فرمانے والے ہیں۔‘‘

۱۰. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُكَمِّلِ لِلْمَكَارِمِ وَالْمُتَمِّمِ، يَا مُقَدِّمُ.

’’اے اللہ! اے مقدّم رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو اعلیٰ اخلاق کی تکمیل اور اِتمام فرمانے والے ہیں۔‘‘

۱۱. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي كُلُّ بَلِيْغٍ عَنْ مَدْحِهِ مُقَصِّرٌ يَا مُؤَخِّرُ.

’’اے اللہ! اے مؤخر! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر کہ جن کی مدح سرائی سے فصیح و بلیغ شخص (بھی) عاجز ہے۔‘‘

۱۲. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي الْعَمَلُ بِغَيْرِ هَدْيِهِ لَا يُقْبَلُ يَا أَوَّلُ.

’’اے اللہ! اے اوّل! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کی ہدایت کے بغیر عمل قبول ہی نہیں ہوتا۔‘‘

۱۳. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الدُّنُوِّ وَالْعُلُوِّ وَالْمَفَاخِرِ يَا آخِرُ.

’’اے اللہ! اے آخر! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو قربِ (الٰہی) کے

بلند مرتبے اور قابلِ فخر مقامات پر فائز ہیں۔‘‘

١٤. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي لَوْلَاهُ لَمْ يُوْجَدِ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُيَا ظَاهِرُ.

’’اے اللہ! اے ظاہر! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر کہ اگر آپ نہ ہوتے تو (مخلوقات میں سے) نہ کوئی اوّل ہوتا اور نہ آخر۔‘‘

١٥. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي مَنِ اسْتَأْمَنَ عِنْدَهُ فَهُوَ آمِنٌ يَا بَاطِنُ.

’’اے اللہ! اے پوشیدہ! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر (جن کی شان یہ ہے کہ) جو ان کے دامن پناہ میں آ گیا وہ (دنیا و آخرت میں) محفوظ ہوگیا۔‘‘

١٦. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ ذِي الْمَقَامِ الْعَالِي يَا وَالِيُ.

’’اے اللہ! اے مددگار! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو مخلوق میں سب سے بہترین اور بلند مقام والے ہیں۔‘‘

١٧. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتِمِ الرُّسُلِ وَمَوْلَى الْمَوَالِي يَا مُتَعَالِيُ.

’’اے اللہ! اے بلند و برتر! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو خاتم الرسل اور تمام آقاؤں کے آقا ہیں۔‘‘

١٨. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي قِلَّةُ حُبِّهِ ذَنْبٌ غَيْرُ

مُغْتَفَرٍ يَا بَرُّ.

’’اے اللہ! اے احسان فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر کہ جن کی محبت دل سے کم ہو جائے تو یہ ناقابل معافی گناہ ہے۔‘‘

١٩. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِ الَّذِي أُرْسِلَ بِنُوْرَيْنِ سُنَّةٍ وَكِتَابٍ يَا تَوَّابُ.

’’اے اللہ! اے بہت زیادہ توبہ قبول فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کو دو نوروں: سنت رسول اور کتاب اللہ کے ساتھ مبعوث کیا گیا۔‘‘

٢٠. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِ الْحِرْزِ الْحَصِيْنِ وَهُوَ غَيْرُ مُنْهَدِمٍ يَا مُنْتَقِمُ.

’’اے اللہ! اے سزا دینے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ایسا محفوظ قلعہ ہیں کہ جو کبھی منہدم نہیں ہوگا۔‘‘

٢١. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِ الَّذِي اسْمُهُ أَحْلَى مِنْ كُلِّ حُلْوٍ يَا عَفُوُّ.

’’اے اللہ! اے معاف فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کا ذکر ہر میٹھی شے سے زیادہ میٹھا ہے۔‘‘

٢٢. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِ الَّذِي لَا يَزَالُ يَتَعَطَّفُ عَلَيْنَا بِعَطُوْفٍ يَا رَؤُوْفُ.

’’اے اللہ! اے بہت زیادہ مہربان! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو

ہم پر ہمیشہ شفقتیں فرمانے والے ہیں۔‘‘

٢٣. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي لَوْلَاهُ تَعَجَّلَ لَنَا بِالْعَذَابِ وَالْهُلْكِ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ.

’’اے اللہ! اے تمام بادشاہوں کے مالک! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر کہ اگر آپ کا وجودِ مسعود نہ ہوتا تو (ہمارے گناہوں کے سبب) ہم پر عذاب اور ہلاکت و تباہی آ چکی ہوتی۔‘‘

٢٤. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي صَارَ فِي الْأَقْمَارِ بَدْرَ التَّمَامِ يَا ذَاالْجَلَالِ وَلْإِكْرَامِ.

’’اے اللہ! اے عظمتوں اور بزرگیوں کے مالک! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو چاندوں میں چودھویں کا چاند ہیں۔‘‘

٢٥. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي رُفِعَ بِشَفَاعَتِهِ عَنَّا الْمَسَاخِطُ يَا مُقْسِطُ.

’’اے اللہ! اے عدل و انصاف فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کی شفاعت کے سبب ہم سے (دُنیا میں اللہ تعالیٰ کی) ناراضگیاں دُور ہوگئیں۔‘‘

٢٦. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَرْجَعِ كُلِّ طَالِبٍ وَّطَامِعٍ يَا جَامِعُ.

’’اے اللہ! اے حشر کے دن جمع فرمانے والے! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ہر چاہنے والے اور ہر طالب اور عاشق کی جائے پناہ اور مرکز توجہ ہیں۔‘‘

٢٧. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِي الْقَصْدِ الْعَلِيِّ وَالْجَنَابِ السَّنِيِّ

يَا غَنِيُّ.

’’اے اللہ! اے دولت عطا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو بلند مقصد والے اور عظیم بارگاہ والے ہیں۔‘‘

۲۸. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي يَعْجَزُ عَنْ مَدْحِهِ كُلُّ حَرْفٍ رَوِيٍّ يَا مُغْنِيُّ.

’’اے اللہ! اے دولت عطا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کی (شان اس قدر بلند ہے کہ) آپ کی تعریف میں بولا گیا ہر لفظ (آپ کی کماحقہ تعریف کرنے سے) عاجز آ جاتا ہے۔‘‘

۲۹. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي هُوَ أَحْسَنُ مِنْ كُلِّ صَنْعَةٍ وَّصَانِعٍ يَا مَانِعُ.

’’اے اللہ! اے روکنے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو خالق کائنات کے کارخانۂ قدرت کی سب سے حسین تخلیق ہیں۔‘‘

۳۰. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي أَبْكِي لِوَصْلِهِ فِي اللَّيَالِي وَالْأَسْحَارِ يَا غَفَّارُ.

’’اے اللہ! اے غفار! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر کہ جن سے ملنے کے لیے میں صبح و شام گریہ کناں ہوں۔‘‘

۳۱. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي هُوَ سِرَاجٌ فِي دُجَى الْغَيِّ لَامِعٌ يَا نَافِعُ.

’’اے اللہ! اے نفع دینے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو گہری ظلمتوں میں روشن چراغ ہیں۔‘‘

٣٢. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَوْجُوْدِ فِي كُلِّ غِيَابٍ وَحُضُوْرٍ يَا نُوْرُ.

’’اے اللہ! اے نور! رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ہر غائب و حاضر میں موجود ہیں۔‘‘

٣٣. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُرَّةِ عَيْنَيَّ وَرُوْحِي وَفُؤَادِي يَا هَادِيُ.

’’اے اللہ! اے ہدایت عطا فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو میری آنکھوں، میری روح اور میرے دل کی ٹھنڈک ہیں۔‘‘

٣٤. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْأَرْفَعِ فِي الذِّكْرِ مِنْ كُلِّ رَفِيْعٍ يَا بَدِيْعُ.

’’اے اللہ! اے عدم سے وجود میں لانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ہر بلند شان والے سے زیادہ بلند ذکر والے ہیں۔‘‘

٣٥. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِي الْمَقَامِ الْجَلِيِّ يَوْمَ التَّلَاقِي يَا بَاقِيُ.

’’اے اللہ! اے ہمیشہ رہنے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو ملاقات (یعنی قیامت) کے دن بلند مقام و مرتبے والے ہیں۔‘‘

٣٦. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْأَقْدَمِ عَلٰى كُلِّ سَابِقٍ وَحَادِثٍ يَا وَارِثُ.

''اے اللہ! اے مالک! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جو (تخلیق وتوصیف کے لحاظ سے) ہر گزشتہ اور بعد میں پیدا ہونے والے سے مقدّم ہیں۔''

٣٧. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي عَطَاؤُهُ مِنْ كُلِّ سُئْلٍ يَزِيْدُ يَا رَشِيْدُ.

''اے اللہ! اے رہنمائی فرمانے والے! تو رحمت اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد پر جن کی عطا سوال سے کئی گنا زیادہ ہوتی ہے۔''

٣٨. اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِي تِجَارَةُ عِشْقِهِ لَيْسَ بِهَا تَبُوْرٌ يَا صَبُوْرُ.

